گویا اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ فرض کیجئے ایک لاری پکڑی گئی۔ پنچنامہ مرتب کیا گیا۔ وہ لاری پانچ ہزار روپیہ کی ہے۔ اگر مالک پانچ ہزار روپیہ داخل کردے تو لاری مالک کے حوالہ کردی جائیگی۔ اگر وہ گنہگار ثابت ہوتو سزا دیجائیگی۔ یہاں آپ ایسے سخت سے سخت احکام نافذ کرنا چاہتے ہیں کہ اس سے زندگی اور موت کا سوال پیدا ہوجائے۔ فرض کیجئے کہ کسی کی زندگی بیل اور بنڈی کی آمدنی پر بسر ہو رہی ہے۔ آپ نے اسکو ضبط کرلیا حالانکہ جرم ابھی ثابت نہیں ہوا۔ فرض کیجئے کہ اگر اس پر جرم ثابت نہو تو اسکے یہ معنی ہوئے کہ آپ نے بلاوجہ اسکے بیل بنڈی ضبط کئے اور جبتک ضبط رہیں اسکو بلا وجہ نقصان برداشت کرنا پڑیگا۔ میں کہتا ہوں کہ اگر جرم نہ سرزد ہوا ہوتو سزا بھی نہونی چاہئے۔ اور اگر جرم سرزد ہوا ہوتو آپ جرمانہ کیجئے۔ لیکن یہ کہاں تک درست ہوگا کہ اسکی جائداد کو متاثر کیا جائے؟ میرے خیال میں تو یہ سزا کا سخت سے سخت تصور ہے۔ ان تمام پہلوؤں پر اجتماعی طور پر غور کرنا چاہئے۔ فرض کیجئے کہ آنریبل منسٹر خود اپنی پرائیوٹ کار (Private Car) میں جارہے ہوں۔ کوئی صاحب راستے سے گزر رہے ہوں۔ اگر آپ نے انہیں اپنی گاڑی میں بٹھا لیا اور انکے بیاگ (Bag) میں ایک شیشہ رکھا ہوا ہو ایسی حالت میں انکو پکڑلیا جائے پنچنامہ مرتب ہو تو غور کیجئے کہ ایسی صورت میں کیا آپکی گاڑی بھی پکڑی جائیگی؟ اگر پکڑی جائیگی توکیا یہ مناسب طریقہ ہوگا کہ گاڑی چھ مہینے کے بعد آپکو ملے؟ کیا ان امور پر آپ نے غور کیا ہے؟ خصوصاً بیل یا وہ جانور جو ایسی پکڑی ہوئی گاڑی میں جتے ہوئے ہوں انکے متعلق میں یہ کہونگا کہ اگر وہ پکڑے جائیں اور ایک مدت اس طرح گزر جائے اور اسکے بعد وہ چھوڑے جائیں تو وہ کام کے قابل نہیں رہتے اور دوسری چیز یہ ہے کہ جانور پکڑے جانے کے بعد اسکے مالک کی زندگی کیسے بسر ہوگی جبکہ اسکی زندگی کا سہارا صرف وہی جانور ہوں؟ میں سزا نہ دینے کے لئے پلیڈ (Plead)

میں کہہ رہا ہوں ۔ سوال یہ ہے کہ انسداد و ا کرنے کی صورت کہاں ہے ۔ جہاں جو " سواری " ("Conveyance") کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں مجھے ان پر اعتراض ہے ہم اب سمجھتے ہیں کہ جو مویشی بیل گاڑی میں مسکرات رکھنے کے بعد جانور کسی مالک رہے ہیں اسکی ضبطی کو کیا کسی میں مسکرات نہ کرنے کے لئے آپ کے پاس کیا پراویژن (Provision) ہے ۔

فرض کیجئے کہ ایک شخص بیل گاڑی میں جا رہا ہے اور اسکے پاس ایک بوتل شراب رکھی گئی ہے ۔ کیا اب اس بیل گاڑی میں شراب نہیں پکڑ لیجئے ؟ میں نے جو استدلال کیا ہے وہ ان تمام امور پر میں نظر رکھتے ہوئے لایا ہے ۔ اینمل اینڈ کارٹ (Animal & cart) کے بارے میں ایک شخص اس میں نے آپکے سامنے پیش کیا ہے ۔ اس استدلال پر آپ غور کر سکتے ہیں اگر اینمل اینڈ کارٹ کے بارے میں یہ الفاظ لائے جائیں تو مناسب ہے کہ ۔

"If generally used for this purpose."

میں نے اس مسئلہ پر جو کچھ کہا ہے میں یہ نہیں کہتا کہ میری رائے قطعی ہے ۔ لیکن یہ مسائل اور تجاویز میں نے آپ کے سامنے پیش کی ہیں ان پر غور کرنا چاہئے ۔ ہمیں چاہئے کہ آج انہوں اور دفعات کے تمام پہلوؤں پر غور کریں اور اسکے بعد قانون سازی کریں ۔

میں پھر انجام سے ادا کرتا ہوں ۔ بعد میں یہ ظاہر ادنی بھی ہے کہ اس میں کوئی بات ہے اور اس سے کوئی نقصان ہو جائے اپنی میری رائے میں اسکو سلکٹ کمیٹی (Select Committee) کے سپرد کیا جائے ۔ اس پر کامل غور کرکے آئندہ سیشن میں اس بل کو لائیں پر مناسب ہوگا اب اس میں جو سادی اسقام ہیں وہ دور ہو جائیں

شری عبد الرحمن ۔ جناب سپیکر صاحب میں نے اس بل پر پہلے بھی کہا ہے کہ ہمارے یہاں لاتعداد خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں ۔ دفعہ ۴۹ قانون آبکاری انکے انسداد کے متعلق ہے ۔ خلاف ورزی کے مقدمات عدالت میں پیش ہوئے ہیں اور وہ بھی ناکام ہو جاتے ہیں ۔ مسٹر سکسینہ نے یہ جو کہا کہ انکے جب سے مقدمات کامیاب ہوئے ہیں بالکل خلاف واقعہ ہے ۔ میں تصدیق کے بعد یہ عرض کر رہا ہوں کہ ایسا نہیں ہے ۔ ضلع حیدرآباد کی عدالتوں میں میں نے آج بھی اسکی تصدیق کی ہے ۔ معلوم ہوا کہ آبکاری کے مقدمات میں گواہ تو ایک پائی بھی نہیں دی جاتی اگر گواہوں کو کوئی معاوضہ دیا جائے تو اب بھی جرائم کا کچھ انسداد ہوسکتا ہے ۔ آج جو ترمیمی مسودہ قانون میں لائی گئی ہے میری رائے میں اس میں اب بھی نقص ہے ۔ اس ترمیم میں بھی سرکاری موٹروں ریل ۔ آر ۔ ٹی ۔ ڈی بس کو اس سے مستثنیٰ نہیں کیا گیا ہے جبکہ اس میں ان چیزوں کی صراحت نہ ہو گرفتار کنندہ

کو اسکا حق ہے کہ وہ انکو بھی ضبط کرے ۔ مثال کے طور پر ایک سب انسپکٹر حیدرآباد نمبر ۴ کی گاڑی کو خلاف ورزی کی صورت میں ضبط کرلیگا ۔ کیا اس موٹر کی ضبطی کے بعد آنریبل منسٹر صاحب متعلقہ جنکو یہ گاڑی دیگئی ہے سب انسپکٹر کے پاس جا کر ثبوت پیش کرینگے اور کہینگے کہ وہ خلاف ورزی کے مرتکب نہیں ہوئے؟ اگر وہ اس چیز کو پسند کرتے ہوں تو اور بات ہے ۔ ورنہ اس ترمیمی دفعہ میں اسکو ملحوظ رکھتے ہوئے ترمیم ہونی چاہئیے ۔ اسی طرح آر ۔ ٹی ۔ ڈی بس میں اگر کوئی شخص کوئی ایسی چیز لیجا رہا ہو تو وہ بھی ضبط کی جاسکتی ہے ۔ کیا آر ۔ ٹی ۔ ڈی کا مینیجنگ ایجنٹ یا متعلقہ افسر ثبوت پیش کرنے کے لئے عدالت میں جائیگا یا جتنے پاسنجر اس گاڑی میں بیٹھے ہوں اپنی نیک نیتی کا ثبوت دینے پہونچینگے ؟ ثبوت کے بعد مطمئن ہونے تک غریب پاسنجر سڑتے رہینگے ۔

اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ قانون میں ایسے کھلے نقائص کو رکھتے ہوئے پاس کرنا ایک بے تکی سی بات ہوگی ۔ اور قانون ساز اسکو پسند نہیں کریگا ۔ ان نقائص کو مد نظر رکھتے ہوئے میں آنریبل منسٹر ابکاری سے درخواست کرونگا کہ مسودہ قانون ترمیم کو واپس لے لیں ۔ اور اگر ایسا قانون پاس کرانے کی ضرورت ہے تو ان ساری چیزوں پر غور کیا جائے ۔ مدراس کے قانون کو دیکھکر جو ترمیم لائی جا رہی ہے وہ ان نقائص سے بھری ہوئی ہے ۔ اسلئے جو قانون عوام کی بہبودی اور ملک کی ضرورت کے لئے بنایا جائیگا اس پر کافی غور و خوض کرنا ضروری ہے تاکہ بعد میں عوام اور حکومت دونوں پریشان نہوں اور پھر ترمیم کے لئے اسمبلی کو بلانا نہ پڑے ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے (چادرگھاٹ) ۔ قانون آبکاری کی دفعہ ۹۳ میں ترمیم کا مختصر سا مسئلہ ہے ۔ لیکن اس بارے میں اعتراضات کئے جارہے ہیں ۔ اور یہ کہا جارہا ہے کہ اس سے رعایا پریشان ہونے والی ہے اسلئے اسکو سلکٹ کمیٹی (Select Committee) کے حوالہ کیا جائے ۔ میں نے تقاریر غور سے سنیں تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ کیا واقعی قانون میں ایسی کوئی بات ہے کہ جس سے عوام کو خطرہ ہے کیونکہ اسکے بعد سلکٹ کمیٹی کے ذریعہ اصلاح کرنا زیادہ آسان ہوجاتا ہے ۔ لیکن اگر ترمیم سے اپوزیشن بنچیس متفق ہیں تو اسکی ضرورت نہیں رہتی ۔ اگر قانون کی کسی خاص دفعہ کی حد تک اعتراض ہے کہ اسکا انٹرپریٹیشن (Interpretation) کیسا ہونا چاہئیے تو میں عالیجناب کی توجہ دفعہ ۹۳ قانون آبکاری کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ قانون آبکاری بابتہ سنہ ۱۳۰۶ ف کی پہلی مرتبہ ترمیم قانون نشان ۱ بابتہ سنہ ۱۳۴۳ ف کے ذریعہ عمل میں آئی ۔ کیونکہ سنہ ۱۳۰۶ ف کے قانون میں ضبطی کے احکام نہیں تھے ۔ اور جو وجوہ و فحوا اس قانون کی ترمیم کے وقت بتلائے گئے تھے ان ہی کو آنریبل منسٹر نے آج بھی ہاؤس کے سامنے پیش کیا ہے ۔ ان وجوہ و فحوا میں کوئی فرق نہیں معلوم ہوتا ۔ سنہ ۱۳۴۳ ف میں جو ترمیم ہوئی اسکے بعد آج یہ ترمیم چاہی جارہی ہے ۔ ایسے اشخاص جو جرم کے مرتکب تو نہیں ہیں لیکن معین جرم ہیں تو انکی گاڑی یا موٹر ضبط کیجائے اور انکو سزا دیجانی چاہئیے یا نہیں یہ

سوال [illegible] یہی اس قدم [illegible] معاملہ [illegible] آنریبل منسٹر اسکی ترمیم کرنا چاہتے ہیں ۔ چالی [illegible] قانون [illegible] (Provisions) کی حد تک ترمیم ہوئی تھی میں اس [illegible] وسیع [illegible] ہے دو اس میں ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ قانون ابکاری کی دفعات [illegible] پڑھنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ انکا تعلق درآمد و برآمد اور [illegible] ہے ۔ ان ہی دفعات کے بنیادی مسائل پر ہمیں غور کرنا ہے کہ ان میں [illegible] الجھن ہے ۔ ان دفعات میں اگر کوئی ذہنی الجھن نہیں ہے تو ہم اس ہاؤس میں اسکی ترمیم [illegible] سلیکٹ کمیٹی میں اسکو بھیجنے کی ضرورت نہیں ۔

[illegible] کا مسودہ ناجائز طریقہ پر ارسال کیا جاتا ہے تو اسکے لئے بھی یہ شرط [illegible] کسی سواری میں اسکو منتقل کیا جائے تو اسکے علم یا نیت کے معلوم [illegible] کنوے انس (Conveyance) ہو اسکو [illegible] ضبط کیا جائے اور قانون میں یہ سزا تجویز کی گئی ہے ۔ لیکن جو موٹر یا سواری ضبط کی گئی ہے اسے کسی مقدمہ میں کسطرح پیش کیا جاسکتا ہے ؟ یہ سوال میرے دماغ میں پیدا ہوا اور اس بارے میں شبہ [illegible] لیکن اسی پراپرٹی (Property) یا کنوے انس (Conveyance) کے استعمال سے جو جرائم ہوتے ہیں انکے متعلق دفعہ [illegible] کریمنل کوڈ (Criminal Code) کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پراپرٹی (یہاں مراد گاڑی ہے) جو استعمال کی گئی ہے اسکو بھی ضبط کیا جاسکتا ہے ۔ ظاہر ہے کہ یہ مقدمہ عدالت میں جائے [illegible] عدالت [illegible] دو اسٹیجس ہوتے ہیں اور انوزیشن [illegible] جو خطرہ محسوس [illegible] کہ عدالت آیا [illegible] کسطرح مقدمہ میں صحیح فیصلہ دے سکتی ہے ؟ . . . . . .

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے (آکولہ) میں نے عدالتوں پر کوئی حرف نہیں رکھا ہے ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ میں یہ پریزوم (Presume) کرنے پر مجبور ہوں ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ عدالت کے بارے میں کوئی شبہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے ۔ آبکاری سے متعلق شبہ ظاہر کیا گیا ہے ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ آپ تامل فرمائیں ۔ تعلقدار یا محکمہ آبکاری کا ایسا عہدہ دار جسکا درجہ انسپکٹر سے زیادہ ہو وہ تحقیقات کرینگا ۔ میرے لائق دوست کا یہی شبہ تھا ۔ ابتدائی تحقیقات میں تنقیش پوری کرنے کے بعد وہ مقدمہ عدالت کے سپرد کیا جائیگا ۔ اور عدالت ضابطہ فوجداری کے تحت اس مقدمہ کی تحقیقات کریگی ۔ جیسا کہ میں ابھی عرض کررہا تھا وہ پراپرٹی (گاڑی) بھی اس مقدمہ میں ان والوڈ (Involved) ہے تو ظاہر ہے کہ کسی ایک چیز میں بھی مدد دیجائے تو معین جرم کی تعریف صادق آتی ہے ۔ قانون آبکاری میں ایک دفعہ یہ بھی ہے کہ عام طور پر بھی سزا دیجاسکتی ہے ۔ اور یہ ڈانکی کلاز (Donkey Clause) بھی موجود ہے ۔ لہذا اتنی وسعت قانون

آبکاری میں موجود ہونے کے بعد اپوزیشن کے آنریبل ممبرس جو خطرہ محسوس کررہے ہیں وہ ٹھیک نہیں ہے ۔ جب تک ایک اسٹیٹ قائم ہے اور لا اینڈ آرڈر (Law and Order) قائم ہے میں یہ پریزیوم (Presume) کرنے پر مجبور ہوں کہ لا ابائیڈنگ سٹیزنس (Law-abiding citizens) قانون کی تعمیل کرینگے ۔ اور اگر اس سلسلہ میں کوئی خرابیاں ہوں تو قانون بنانے وقت ان پر غور کیا جاتا ہے اور انکو دور کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ کیونکہ جب انسپکٹر ۔ تعلقدار یا ناظم کے سامنے مقدمہ پیش ہوگا تو وہ اسکی تحقیقات کرینگے ۔ قانون ساز جماعت کو صرف یہ دیکھنا چاہئے کہ جس مقصد کے تحت قانون بنایا جارہا ہے وہ پورا ہورہا ہے یا نہیں ۔ یہاں الیسٹ ڈسٹیلیشن (Illicit Distillation) کا سوال ہے ۔ اور اسکے انسداد کرنے کیلئے سنہ ۱۳۴۴ ف میں ترمیم کیگئی تھی ۔ لیکن آج ۲۰ سالہ تجربہ کے بعد یہ معلوم ہورہا ہے کہ جرائم کی تعداد میں کافی اضافہ ہورہا ہے ۔ اور کافی لوگ عدالت میں آنے کے بعد بھی چھوٹ جاتے ہیں ۔ تو ظاہر ہے کہ ان جرائم کو محدود اور مسدود کرنے کیلئے جتنے ذرائع ہوسکتے ہیں ہم اختیار کریں گے ۔ جیسا کہ میں نے کہا کرمنل پروسیجر کوڈ (Criminal Procedure Code) کی دفعہ ۵۱۷ کے تحت پراپرٹی ضبط کی جاسکتی ہے ۔ تو پھر اس پراویزو (Proviso) کو کیوں قانون آبکاری میں لایا جائے جو جرائم کے ارتکاب میں استعمال کیا جاتا ہے ؟ اسلئے اسکا اضافہ کرنیکی ضرورت نہیں ۔ کیونکہ قانون کے انٹرپریٹیشن کا بنیادی اصول یہ ہے کہ جس قانون کے لحاظ سے جرم سرزد ہو صرف اسی قانون کے لحاظ سے پراپرٹی ضبط نہیں کیجاتی بلکہ پریزمپشن (Presumption) یہ ہوگا کہ اسٹیٹ کا منشاء پراپرٹی ضبط کرنے کا ہے ۔ اور جب ہم ان جرائم کی تعداد میں کمی کرنے کے لئے ایک سخت اسٹپ (Step) لینے کی ضرورت سمجھتے ہیں تو حمل و نقل کرنے والے اشخاص کو چاہے وہ ٹکسی اونرس ہوں یا مالکان موٹرانکو سزا دینا ضروری ہے تاکہ جرائم کی تعداد میں کمی ہوسکے ۔ دفعہ ۵۱۷ کرمنل پروسیجر کوڈ کے تحت ایسا ہوسکتا ہے اور اس سے ہمارا یہ شبہ بھی دور ہوجاتا ہے ۔

مجھے دوسرا شبہ یہ تھا کہ اصل مجرم کےلئے تو ایک ہزار روپیہ جرمانہ اور ۶ ماہ کی قید رکھدی گئی ہے ۔ اور جو اعانت کرتا ہے اسکی پوری لاری ضبط کرلیتے ہیں ۔ یہ ایسا ہے جس طرح کہ آنریبل ممبر آف دی سوشلسٹ پارٹی نے کہا اور اس سے میں بھی متفق ہوں کہ تعزیری اصول مفقود ہوجائیگا ۔ میں بھی اس نتیجہ پر پہنچا کہ جو فریق نہیں ہے اسکو فریق بنایا جا رہا ہے ۔ اس کو جواب کا موقع نہیں اور اسکی جائداد اسی مقام پر ضبط ہوجائیگی ۔ اس ہاؤس کو اس پر غور کرنا ہے ۔ اس کو ہمیں پارٹی بیسس پر سوچنا نہیں ہے ۔ ہمیں بنیادی اصول دیکھنا ہے کہ جس کو سزا دیجارہی ہے اس میں سزا کو برداشت کرنے کی صلاحیت ہو ۔ اگر قوت برداشت سے زیادہ سزا دیجائے تو اس سے سزا کا مقصد فوت ہوجاتا ہے اور اگر ہمیں لوگوں کو لاابائیڈنگ (Law-abiding) بنانا ہے تو سزا کا اصول برداشت سے زیادہ نہ بنانا

چاہئیے ... اس میں یہ اس قانون میں نئی حد " Shall " کا
استعمال ہوا ہے - اس صورت میں عدالت ایسا ہی استعمال کرے گی - اور جس حدتک
... میں مدد دی ہے اسی حدتک سزا صادر کرے گی - ظاہر ہے کہ اسکی
برابری ... طور پر ضبط کی جائے وہ لازمی طور پر ضبط ہوگی - اور اگر وہ یہ
ثابت کردے کہ ... جرم میں ... ہے تو عدالت فیصلہ صادر کرتے ہوئے
... طور پر ... گی - عدالت ... کہ اساس جرم کے لحاظ سے پوری جائداد
ضبط کرنے کے احکام صادر کرے یا اس میں کمی کرے - مدراس آبکاری ایکٹ کا حوالہ
دیا گیا ہے - ... عدالت ... ضبط کرنے ... حکم دیا ہے - مگر
عدالت ... سزا دینے ... کا ... استعمال کرسکتی ہے - یہ ضروری نہیں کہ
... استعمال کرے - اسلئے کہ

Confiscation of property is not a rule of the State.

اس امر پر ... ضبطی ... میں کوئی زیادہ ... ہیں - البتہ مجھے ایک
... اسکی وضاحت کردی ہو مناسب ہوگا اور عاقبت کو اس دل کے
... موجود ... ہوں جو امینڈمنٹ ... ہے اسکے الفاظ یہ ہیں:-

"Provided that no such animal, cart, vessel or lorry or other conveyance shall be confiscated if the owner thereof satisfies the Court that he has exercised due care in preventing commission of the offence.

اگر ... کی ... مسلی ... میں آئیے تو یہ عمل دفعہ (۳۹) کی زد
میں ... ہے - ... موسکتی ہے کہ اس شخص کو اس کا علم نہو یا اسکی
... ہو - ... ارادہ جرم ... ہوتا ہے اور جرم کے عدم وجود کے باوجود
... سزا ... (Criminal Law) کے مسلمہ پرنسپل
(Basic Principle) کے ... مناسب ہوگا : صرف اس حدتک میں آنریبل
... صاحب ... میری ... ہے کہ جو آخری صورت استعمال کی گئی
ہے اسکو اس طرح بدلا جائے کہ اس میں تمام ممکنہ چیزیں آجائیں - اور اگر یہ معلوم
ہو کہ اس نے ... کی کوشش کی ہے اور اس نے ایسے سرکمسٹانسز (Circums-
-tances) عدالت کے سامنے لائے کہ وہ مدد کرنا نہیں چاہتا تھا تو اسکی تعبیر اس
طرح کی ... ہے کہ وہ ... جرم کی تعریف میں نہیں آتا - لیکن آپ کے پراویزو
(Proviso) کے لحاظ سے ... ہے - اور اسکی ... ضبط ہو جاتی ہے - اسکی
... ہو مناسب ہے -

(۱) ... سکشن ۳۹ ... جارہا ہے ... سکشن (۳) کے پراویزو میں
یہ کہا گیا ہے کہ :-

"Provided that no order has been passed by a Court in respect of such article or no case for trial of an offence in respect thereof has been instituted in any Court."

اسکے ساتھ اگر سکنڈ پراویزو (Second Proviso) کو پڑھا جائے تو شائد واضع قانون کا اصل مقصد یہ ہے کہ اس پراپرٹی کے تعلق سے کسی اور عدالت میں مقدمہ چل رہا ہو اور کوئی حکم دیا جانے والا ہے اسلئے یہ پراویزو رکھا جا رہا ہے۔ ورنہ وہی ہوگا جو آپ چاہتے ہیں ۔ لیکن اسکے سوا اگر اور کوئی منشاء ہو جسکو پراویژو میں لانا چاہتے ہیں تو اسکی وضاحت آنریبل منسٹر کردیں ۔ یہ چیزیں ہیں جنہیں میں ھاؤس کے سامنے لانا چاہتا تھا ۔ جو شبہات دفعہ (۳۹) کے تعلق سے ظاھر کئے گئے ہیں ان میں کوئی تقویت نہیں ہے ۔ اس جرم کا انسداد بیحد ضروری ہے اسلئے کہ اس سے گورنمنٹ کو نقصان ہو رہا ہے ۔ البتہ اس پر غور ہوسکتا ہے کہ یہ کن الفاظ میں ہونا چاہئے ۔ پراویژو آخری کے جملہ کی حدتک آنریبل منسٹر وضاحت کردیں تو مناسب ہے ۔ سکشن (۳۹) کو منظور کرنے میں مجھے کوئی عذر نہیں ہے ۔

چیف منسٹر (شری بی ۔ رام کشن راؤ)۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ میں سمجھتا ہوں ترمیم کے سلسلے میں جو مباحث ہو رہے ہیں وہ زیادہ تر غلط فہمی پر مبنی ہیں ۔ دفعہ (۳۹) میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے اس کا واحد مقصد صرف یہ ہے کہ جو لوگ الیسٹ ٹرانسپورٹ (Illicit Transport) کرنے کے عادی ہیں خفیہ طور پر ناجائز شراب یا ایسی اشیاء درآمد برآمد کرتے ہیں اس سلسلے میں جرم میں اعانت کرنے کی پاداش میں کوئی سخت سزا مقرر ہونی چاہئے جس سے وہ متاثر ہوسکتا ہے ۔ اس ترمیم کا پہلا مقصد یہ ہے۔ آنریبل ممبر آف دی اپوزیشن جنہوں نے اس کے خطرات کو تفصیل سے بتلانے کی کوشش کی انہوں نے دو تین چیزیں یہ یک دیگر متناقض کہیں ۔ ایک طرف وہ کہتے ہیں نہ قانون آبکاری کی جو دفعات ہیں انکی تاویل اس طرح ہو نہ خود مرتکب جرم کو کافی سزا نہ ملے اور وہ ارتکاب جرم کرکے چھوٹ جاسکیں ....

Shri A. Rajreddy: Point of information.......

شری بی ۔ رام کشن راؤ۔ پوائینٹ آف انفرمیشن (Point of information) کی ضرورت نہیں ۔

I do not want interruption. Hon. Member will kindly hear me. I do not want to misquote or misrepresent him. He might kindly hear me.

ایک طرف تو یہ شکایت ہے ۔ اس شکایت کو زور دار بنانے کے لئے یہ بھی کہتے ہیں کہ پرسن (Person) کو پہلے سزا دیجانی چاہئے ۔ کرمنل لا (Criminal Law) کے لحاظ سے پرسن یا پراپرٹی پر جانا صحیح نہیں ۔ آفنس (Offence) پر اس کا دارو مدار ہے ۔ یہ مسلمہ اصول ہے کہ جو جرم جسم کے مقابلہ میں سرزد ہوتا ہے اس

کےلئے جسمانی سزا دیجاتی ہے یہ آفنس اگینسٹ پرسن (Offence against person) ہے اور جو آفنس اگینسٹ پراپرٹی (Offence against property) ہو اسی صورت میں پراپرٹی کو ضبط کرنے کی بھی سزا دیجاتی ہے ۔ مثال کے طور پر انکم ٹیکس کے رولس کی خلاف ورزی کی صورت میں جیل کی سزا نہیں دیجاتی ۔ جرمانہ لیا جاتا ہے یا جائداد کی ضبطی کی سزا دیجاتی ہے ۔ یہ اصول ہے ۔ مقصد یہ ہے کہ جو لوگ عادتاً جرم کا ارتکاب کرنے میں اپنے کنڈکٹ (Conduct) کی اصلاح کریں ۔ محض دفعہ میں سزا کی مقدار بتلانے سے مقصد حاصل نہیں ہوتا ۔ اسکے پیچھے ایک رعب ہوتا ہے ۔ ایک سیکلاجیکل ایفکٹ (Psychological effect) ہوتا ہے ۔ ڈکیتی کی سزا ۱۰ سال یا ۲۰ سال ہوسکتی ہے ۔ اگر اس کے لئے (۳) سال کی مدت رکھدی جائے تو اس کا وہ اثر نہیں ہوتا ۔ دراصل قانون کا منشا یہی ہے کہ جو لوگ اسکی خلاف ورزی کرنے والے ہوں ان کے دلوں میں خوف اور رعب ڈالا جائے ۔ خوف اور رعب ڈالنے کےلئے سزاء ہوتی ہے اس میں دو فکر اور دوجہ نہیں ۔ دفعہ ۴۹ میں جو ترمیم لائی جا رہی ہے وہ بالکل صاف ہے ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ شعوری یا غیر شعوری طور پر اس میں بعض غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ میں اس سلسلہ میں کچھ کہنا نہیں چاہتا ۔ لیکن یہ سمجھتا ہوں کہ اسکے الفاظ بالکل صاف ہیں ۔ ضمن (۱) یہ ہے ۔

(1) Where an offence punishable under this Act is proved to have been committed, the liquor, intoxicating drug, mohwa flowers, still, utensils, implements or apparatus in respect or by means of which an offence has been committed shall be liable to confiscation by order of the court.

اور ضمن (۲) یہ ہے ۔

(2) Any receptacle, package or covering in which any of the articles liable to confiscation under sub-section (1) is found and the other contents, if any, of such receptacle, package or covering and the animals, carts, vessels, lorries or other conveyances used in carrying any such article shall likewise be liable to confiscation by order of the court.

جہاں تک میرے قانونی معلومات مجھے اجازت دیتے ہیں اسکی بنا پر میں یہ کہہ سکتا ہوں اگر اس کا مقصد اسکے برعکس ہوتا تو بجائے

Shall likewise be liable to confiscation by order of the court."

کے (Shall be confiscated by order of the court) کے الفاظ ہوتے ۔ اس ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ جہاں کہیں یہ ثابت ہو کہ کسی موٹر یا لاری میں ناجائز شراب یا سیندھی لائی گئی ہے اوسکو ضبط کیا جائے یا نہیں یہ عدالت کے اختیار تمیزی پر ہو کہ وہ حالات اور شہادت وغیرہ دیکھکر ضبطی کا حکم دے یا نہ دے ۔ ترمیم میں یہ الفاظ رکھے گئے ہیں ۔ لیکن یہ کہنا کہ سکشن ۵۱۷ کرمنل پروسیجر

موجود رہنے کے باوجود ایک علحدہ قانون اس کےلئے بنانے کی کیا ضرورت ہے اور یہ سمجھ لینا کہ عدالت اپنے اس اختیار تمیزی سے کام لیکر ہر مقدمہ میں موٹر لاری وغیرہ ضبط کرلے گی غلط ہوگا ۔ عدالت کا بھی ایسا مقصد نہیں ہوگا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ کیوں آنریبل ممبرس پریشانی اور ذہنی انتشار میں مبتلا ہوگئے ہیں ؟ عدالت اپنے اختیار تمیزی کو ان صورتوں میں استعمال کریگی جن صورتوں میں وہ استعمال کرسکتی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ بہت سے دفعات کے تحت عدالت اپنے اختیار تمیزی سے کام لیتی ہے اور حالات و واقعات مقدمہ دیکھ کر سزا دیتی ہے ۔ اگر روئداد مقدمہ سے یہ چیز ثابت ہو کہ جس شخص کی موٹر لاری ہے وہ عادی مجرم ہے اور ایک سے زائد مرتبہ وہ اس سلسلہ میں گرفتار ہوچکا ہے تو وہ ضرور اپنا اختیار تمیزی استعمال کریگی اور سزا دیگی ۔ اور اوس کا مال ضبط کرلیگی ۔ اب یہ کہنا کہ آنریبل دوست اپنے موٹر میں جارہے ہیں ۔ راستہ میں کوئی دوست ملگیا ۔ اوسکے جیب میں ناجائز شراب کا شیشہ ہے ۔ اگر وہ پکڑا جائے تو اونکی موٹر بھی ضبط ہو جائیگی یہ بالکل غلط ہے ۔ عدالت ایسی ہر صورت میں اپنا اختیار تمیزی استعمال کریگی ۔ وہ دیکھے گی کہ مالک موٹر نیک نیت تھا یا نہیں ۔ پھر اوسکے بعد سزا صادر کریگی ۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ پولس انسپکٹر اس قانون کے تحت لاریز یا بنڈیوں کو گرفتار کرلیگا اور پولس تھانہ پر لیجائیگا ۔ پھر اوسکے بعد ۸ - ۹ مہینے تک وہ گاڑی پڑی رہیگی ۔ اوسکی وجہ سے اسکے متعلقین کو پریشانی ہوگی ۔ اسلئے یہ قانون خطرناک ہوگا وغیرہ ۔ یہ سب بے بنیاد شبہات ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کیوں آپ ایسے بے بنیاد اندیشے اور خطرات اپنے سامنے کھڑے کرلیتے ہیں ؟ کسی پولیس کے انسپکٹر کو یا آبکاری کے انسپکٹر کو یا کسی اور شخص کو کوئی اختیارات نہیں دئے جارہے ہیں۔ البتہ تحقیقات کے بعد اگر اطمینان ہو جائے تو عدالت سے ایسی صورت میں مناسب سزا صادر کی جاسکتی ہے۔ اسلئے میرے خیال میں جو خطرات پیش کئے جا رہے ہیں بے بنیاد ہیں ۔ آنریبل ممبرس نے لفظ " Shall " کے استعمال کرنے پر بھی شبہ ظاھر کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ اس کا انٹرپریٹیشن (Interpretation) غلط ہوگا ۔ لیکن میں کہونگا کہ (Shall likewise be liable to confiscation) اسکے معنے (May) کے ہوتے ہیں اسکے سوا کوئی اور انٹرپریٹیشن (Interpretation) نہیں ہوسکتا ۔ لیکن اسکے قطع نظر بھی اور زیادہ صراحت کرنے کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے تو اس کےلئے ہمارے آنریبل منسٹر فار اکسائز (Hon. Minister for Excise) نے ایک ترمیم پیش کی ہے اور اس میں استثنا رکھا گیا کہ

If the owner thereof satisfies the Court that he has exercised due care in preventing the commission of the offence.

ایسی صورت میں کسی طرح بھی یہ نہیں کہا جاسکیگا کہ استثنا قبول کرکے ایک دوسرے طریقہ سے دفعہ رکھا جائیگا ۔ بمبئی کے قانون میں جو پراویزو (Proviso) ہے اسی پراویزو کو آپ کا شبہ رفع کرنے کی غرض سے رکھا گیا ہے ۔ اس سے بڑھ کر آپ کیا

چاہتے ہیں ۔ مدراس ایکٹ میں ضبطی کا لزوم قرار دیا گیا ہے ۔ اسلئے انہوں نے ایک پراویزو قائم کیا ہے اور بجائے ایک مقررہ رقم لیکر لاری کو چھوڑ دینے کے یہ جبز عدالت کے اختیار تمیزی پر رکھی گئی ہے ۔ ہم نے چونکہ ایسا لزوم قرار نہیں دیا اسلئے رقم لیکر چھوڑ دینے کے اختیار تمیزی کی ضرورت ہی نہیں تھی ۔ وہاں تمام عدالتوں میں ایکویٹی (Equity) کی خاطر خلاف فیصلے ہونے اور ترمیم کرکے دوسرا پراویزو اختیار کیا گیا ہے ۔ وہاں بجائے لاری کو ضبط کرنے کے ایک مقررہ رقم لیکر اوسکو چھوڑنے کا عدالت کو اختیار دیا گیا ہے ۔ یہاں ہمارے پاس ضبطی کا لزوم نہیں بلکہ وہ عدالت کے اختیار تمیزی پر رکھا گیا ہے ۔ اور اسکے سوا بھی ہمارے آنربیل ممبر قانون کا تبصرہ ۔ یہ پراویزو (Proviso) بھی اڈ (Add) کیا ہے ۔

"Provided that no such animal, cart, vessel, lorry or other conveyance shall be confiscated if the owner thereof satisfies the Court that he has exercised due care in preventing the commission of the offence."

ایسی صورت میں کوئی ضبطی عمل میں نہیں لائی جاسکتی تا وقتیکہ عدالت کو اس کا اطمینان نہ ہو جائے ۔ اسلئے میرا خیال ہے کہ اس میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جسکی وجہ سے کسی کو نقصان ہوتا ہو ۔ یہ میں مانتا ہوں کہ تحقیقات کے دوران میں آبکاری کے عہدہ دار کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ضبط کرکے اپنے پاس رکھے ۔ لیکن وہ جیسا کہ کہا گیا ایک خاص عرصہ تک نہیں رکھا جاتا ۔ تحقیقات کے بعد اگر عدالت کو اطمینان ہوجائے کہ فلاں شخص نے اپنے کنوینس (Conveyance) کو عمداً اس کے لئے استعمال کیا ہے تو عدالت اسکے متعلق حکم دے سکتی ہے ۔ لیکن یہ معلوم ہو کہ عمداً اوس نے ایسا نہیں کیا ہے تو وہ اپنے اختیار تمیزی سے کام لیگی ۔ یہ کوئی لزوم نہیں ہے ۔ کم از کم ہمارا مطلب تو یہی ہے جیسا کہ میں نے واضح کیا ہے ۔ اگر ہمارے دوست غور کرکے کوئی لفظی ترمیم اس میں پیش کرنا چاہتے ہیں تو میں اسکو قبول کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن محض مصنوعی اندیشوں کو سامنے رکھکر کہا جائے کہ اس کو سلکٹ کمیٹی (Select Committee) کے حوالہ کرنا چاہئیے یہ میں بالکل نامناسب سمجھتا ہوں ۔

شری یل ۔ متیا (........) ۔ قانون آبکاری کی دفعہ ۴۳ میں جو ترمیم لائی جا رہی ہے اس میں یہ نہیں (Clears) نہیں کیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص ایسی چیزیں ٹرین یا بس کے ذریعہ سے لائے تو ایسی ٹرین یا بس کے متعلق قانون میں کیا گنجائش ہے ؟

شری داؤد حسین (نظام آباد) ۔ ابھی آنربیل چیف منسٹر نے قانون کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ضبطی کا اختیار عدالت کو دیا گیا ہے ۔ پولیس یا آبکاری کے عہدہ داروں کو ضبطی کا اختیار نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ چیز وضاحت طلب ہے ۔ کیونکہ اگر مال متعلقہ عدالت میں داخل نہ ہو تو مقدمہ کے سلسلہ میں عدالت کے فیصلہ پر اثر پڑسکیگا ۔ اسلئے

میں سمجھتا ہوں آبکاری یا پولیس کے عہدہ دار کو مال متعلقہ اپنے قبضہ میں لینے کا کوئی نہ کوئی اختیار دینا چاہئے ۔

شری بی۔رام کشن راؤ۔ آنریبل ممبر نے جو شبہ ظاہر کیا ہے اوس سلسلہ میں میں انکی توجہ قانون آبکاری کی دفعہ ۱۸ کی طرف مبذول کراؤنگا جو یہ ہے " اگر ناظم آبکاری یا تعلقدار کو یا کسی ایسے عہدہ دار آبکاری کو جس کا درجہ سب انسپکٹر سے یا عہدہ دار کوتوالی کو جس کا درجہ منتظم اٹھانہ سے کم نہ ہو یہ باور کرنیکی وجہ ہو کہ حسب دفعہ بالا حکم نامہ تلاشی حاصل کرنے میں نامناسب تاخیر اور مقدمہ کی خرابی کا اندیشہ ہے تو وہ اپنی رائے کے وجوہ قلم بند کر کے دن یا رات میں جس وقت مناسب ہو کسی مقام کی یا کسی شخص کے جسم کی تلاشی لے سکیگا ۔ اور جس شئے کو از روئے قانون ھذا قابل ضبطی باور کرے اوس کو اپنے قبضہ میں لے سکیگا اور اس شخص کی نسبت ارتکاب جرم مذکور کا گمان غالب ہو عدالت یا عہدہ دار مجاز کے روبرو حاضر ہونے کے لئے مچلکہ مع یا بلا ضمانت داخل کرنے پر رہا کردیگا ۔ "

اور سکشن (۲۹) کی روسے ....

مسٹر اسپیکر۔ اس وقت چار بجے ہیں ۔ ہم ساڑھے چار بجے پھر ملینگے ۔

The House then adjourned for recess till Half Past Four of the Clock.

The House re-assembled after recess at Half Past Four of the Clock.

[Mr. Speaker in the Chair].

مسٹر اسپیکر ۔ آنریبل چیف منسٹر ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ میں ایک دو چیزوں کو صاف کردینا چاہتا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قانون آبکاری کے متعلق کچھ غلط فہمی ہوئی ہے ۔ اس انٹرول سے استفادہ کرتے ہوئے جو عالیجناب نے مہربانی سے دیا تھا میں نے قانون آبکاری کے پورے دفعات پڑھ ڈالے ۔

بجز دو تین دفعات کے کوئی دفعہ ایسا نہیں ہے جسمیں عہدہ داران آبکاری کو کوئی اختیار دیا گیا ہو ۔ دفعہ ۱۸ تلاشی سے متعلق ہے ۔ یعنی ایمرجنسی (Emergency) کی صورت میں عہدہ دار مجاز مجسٹریٹ یا کلکٹر سے حکم نامہ تلاشی کے حاصل کئے بغیر کسی شخص کے جسم کی یا کسی مقام کی تلاشی لے سکیگا ۔ اسمیں موٹر و ہیکل یا ایسی کسی چیز کا ذکر نہیں ہے ۔ دفعہ ۱۸ میں حکم نامہ تلاشی کے حاصل کئے بغیر تلاشی کا اختیار ہے ۔ اسمیں یہ بھی لکھا ہے کہ " جس شئے کو از روئے قانون ھذا قابل ضبطی قرار دے " یہ ایسی چیزوں پر حاوی نہیں ہے جو قابل ضبطی نہیں قرار دیگئی ہیں ۔

دفعہ ۱۹ ۔ گرفتاری سے متعلق ہے ۔ اور اس میں یہ لکھا گیا ہے کہ دفعات ۳۱-۳۲-۳۳-۳۴ کے تحت کوئی شخص جرم کا مرتکب قرار پائے تو اسکو بلاحصول حکمنامہ گرفتاری معہ اوس شراب یا گلمہوہ کے جو اسوقت اسکے قبضہ میں ہو گرفتار کرسکے گا ۔ اور یہ اختیار دیا گیا ہے کہ کسی شخص کے جسم کی یا کسی بھٹی یا ظرف یا آلے یا کسی ذریعہ بار برداری کی جسکی نسبت گمان غالب ہو کہ اسمیں اشیا مذکور رکھی گئی ہیں تلاشی لے ۔ گویا دفعہ ۱۹ میں اسطرح تلاشی کا بھی اختیار دیا گیا ہے ۔

دفعہ ۲۰ ۔ نام دریافت کرنے کیلئے گرفتار کرنے کے اختیار سے متعلق ہے ۔

دفعہ ۲۲ ۔ ایک معمولی دفعہ ہے جو گرفتار شدہ شخص یا مال کو بلاتاخیر ۲۴ گھنٹے کے اندر کلکٹر کے پاس پیش کرنے سے متعلق ہے ۔

دفعہ ۲۲ ج ۔ مچلکہ داخل ہونے پر رہائی سے متعلق ہے ۔

دفعہ ۲۲ الف ، ب ، اور ج مچلکہ پر رہائی سے متعلق ہے ۔

دفعہ ۲۳ میں تلاشی کا طریقہ بتایا گیا ہے ۔

دفعہ ۲۴ ۔ عہدہ داران آبکاری کی امداد سے متعلق ہے ۔

دفعہ ۲۵ ، ۲۶ ، ۲۷ اور ۲۸ معمولی دفعات ہیں ۔

دفعہ ۲۹ میں یہ مذکور ہے کہ جب کوئی مال جو حسب قانون ہذا گرفتار کیا جائے کسی عہدہ دار منتظم تھانہ کے سپرد کیا جائے تو اس پر لازم ہوگا کہ تا صدور حکم عدالت یا عہدہ دار مجاز اس مال کو اپنی حفاظت میں رکھے اور عہدہ دار داخل کنندہ کی درخواست پر اس کو یا اس کا کوئی جزو لے جانے کی اجازت دے ۔

دفعہ ۳۹ جس کی ترمیم پیش کیجارہی ہے بصورت موجودہ یہ ہے کہ "جب کوئی جرم مندرجہ قانون ہذا ثابت ہو تو وہ شراب یا منشی شئے یا گلمہوہ اور بھٹی اور آلات ظروف جو اس جرم سے تعلق رکھتے ہوں ضبط کرلئے جائینگے ۔"

ضبطی کے معنی کیا ہیں ؟ کون ضبط کریگا ؟ کلکٹر کریگا یا عدالت کریگی ۔ اور اب تک عمل بھی یہی ہے ۔

شری کشٹا رام ریڈی ۔ عمل تو یہ ہے کہ مفتش ضبط کرتا ہے ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ مفتش ضبط نہیں کرتا بلکہ پیش کرتا ہے ۔ اور اگر یہ بات صحیح ہے تو ترمیم کی اور بھی زیادہ ضرورت ہے ۔ جو ترمیم پیش کیجارہی ہے وہ اور بھی زیادہ ضروری ہوجاتی ہے ۔

جو مسئلہ اسوقت زیر بحث ہے وہ یہ ہے کہ آیا مفتش ہی ضبطی کا حکم دیتا ہے یا عدالت ضبطی کا حکم دیتی ہے ۔ اسکی نسبت اختلاف ہورہا ہے ۔ اگر یہی بات ہے تو اسکی اور بھی زیادہ ضرورت ہے کیونکہ مفتش یا آبکاری کے کسی عہدہ دار کو ہم اسکا اختیار

نہیں دے رہے ہیں ۔ شائد میرے آنریبل دوست اپنے تجربہ کے لحاظ سے ایسا کہہ رہے ہیں ۔ اگر میرے آنریبل دوست کو یہ معلوم ہوجائے کہ اس ترمیم کے ذریعہ

"Shall be liable to confiscation by order of the Court."

یعنی پولیس اور آبکاری کے عہدہ داروں سے چھین کر ہم ضبطی کا اختیار عدالت پر چھوڑ رہے ہیں ۔ اور آج جن لوگوں پر ظلم ہورہا ہے انکو چھڑا رہے ہیں۔ دفعہ ۳۰ کو بدل کر ہم تین اجزاء میں تقسیم کررہے ہیں ۔ ضمن ایک تو میں نے ابھی . . . . .

مسٹر اسپیکر ۔ ایک دفعہ تو آپ تقریر کرچکے ہیں ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ میں معافی چاہتا ہوں ۔ میں تو یہی سمجھ رہا تھا کہ مجھے تقریر کرنا ہے ۔ غرض جو ترمیمات پیش ہوئی ہیں ان میں ضبط کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔

شری مرلیدھر راؤ کامٹیکر (بھالکی) ۔ آج جو ترمیم ایوان کے سامنے ہے اس پر مختلف طریقہ سے مباحث کئے جارہے ہیں ۔ میں یہ سمجھ رہا تھا کہ اس ترمیم کو بڑی خوشی سے تسلیم کرلیا جائیگا لیکن آج مباحث سننے کے بعد میں یہ کہنے میں پس و پیش نہیں کرونگا کہ ہم عادت سے مجبور ہیں کہ ہر بات کی مخالفت کریں چاہے وہ اچھی ہو یا بری ۔ اس ترمیم کے بارے میں مخالف بنچس سے جو تقاریر ہوئیں اسمیں یہ جتایا گیا کہ یہ ترمیم پبلک مفاد کے خلاف ہے لہذا اسکو نہ لایا جائے ۔ اسمیں کونسی ایسی بات ہے کہ اس پر ایسے اعتراضات کئے جارہے ہیں ایسے میں تو نہیں سمجھ سکا ۔ کہا جاتا ہے کہ اس ترمیم میں سے گھوڑا ۔ گاڑی بنڈی یا اور کوئی کنوے انس (Conveyance) وغیرہ جو کہ ترمیم کی جان ہے اسکو نکال دیا جائے اور یہ اعتراض کیا جارہا ہے کہ (Shall) کے بجائے (May) لانے تو نیک نیتی پر شبہ کرنے کی گنجائش نہ ہوتی ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ھاؤس میں کسی شخص کی نیک نیتی پر بحث کرنا نہیں ہے ۔ بلکہ ہم جو یہاں بیٹھے ہیں وہ صحیح قانون بنانے کیلئے بیٹھے ہیں ۔ یہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج آبکاری سے متعلق بہت سی خلاف ورزیاں سرزد ہورہی ہیں ۔ اور سیندھی لاریوں میں بھر بھر کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیجارہی ہے ۔ اسکی اہمیت خاص کر ایسی صورت میں جبکہ ہمارے متصلہ اسٹیٹس میں پروہیبشن (Prohibition) ہے اور بھی بڑھ جاتی ہے ۔ اسلئے نہ صرف مخالف بنچس بلکہ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اس قسم کی خلاف ورزیوں کو روکے ۔ لہذا جو ترمیم لائی گئی ہے وہ اسی قسم کے اعمال اور خلاف ورزیوں کو روکنے کیلئے لائی گئی ہے ۔ اگر لاریاں وغیرہ ضبط کرنے سے کسی پر سختی ہوتی ہے تو اسکی جانچ ہمیں کرنا ہے ۔ اسی طرح " شل " کا جو لفظ استعمال کیا گیا اسکی جانچ بھی لا آف ایکویٹی (Law of Equity) کے لحاظ سے عدالت میں کی جانی چاہئے ۔ اور یہ عدالت کے اختیار تمیزی پر ہے ۔ بہت سی مثالیں ھاؤس کے سامنے پیش کیگئیں ۔ ایک مثال میں کہا گیا کہ اگر کسی پیاسنجر کی جیب میں

شراب کا سسٹم ہو تو موثر ضبط کیجاسکیگی ۔ یہ مثال اسطرح صادق آتی ہے جیسے کہ آپریشن کے آلہ دریافت کرنے والے کے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ یہ آپریشن کا آلہ کسی ڈاکٹر کے ہاتھ میں جاسکتا اور مریض مرجاتا ۔ اسلئے قانون بنانے والوں کو ان چیزوں کو نہیں دیکھنا چاہئے بلکہ اس چیز پر غور کرنا چاہئے کہ جس مقصد سے قانون بنایا جارہا ہے وہ پورا ہوتا ہے یا نہیں ۔ جو شبہات مخالف پارٹی کے آنریبل ممبرس کے دلوں میں پیدا ہوئے ہیں وہ میں جانتا ہوں اور یہ بھی صحیح ہے کہ آبکاری کے جو عہدہ دار ہیں وہ کرپٹ (Corrupt) ہیں لہذا وہ ناجائز فائدہ اٹھائینگے ۔ لیکن اس خرابی کو دور کرنے کیلئے قانون نہ بنانا مخالف پارٹی کے ممبرس کی صحیح دلیل تو نہیں ہوسکتی ۔ قانون میں نیک نیتی یا بدنیتی کیلئے کوئی جگہ نہیں دیجاسکتی کیونکہ نیت اچھی ہو یا بری یہ کوئی مادی چیز تو نہیں ہے ۔ اسیطرح اگر شراب ناجائز طور پر منتقل کیگئی تو قانون کی خلاف ورزی ہوتی ہے ۔ اسلئے پہلے تو یہ جرم ثابت ہونا چاہئے کہ خلاف قانون شراب منتقل کیگئی اور اسکے لئے لاری لیگئی ۔ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ کوئی شخص مسروقہ مال کو اپنے قبضہ میں رکھے ۔ لیکن جب چوری کا جرم ثابت ہوجاتا ہے تو بعد میں اسکی ذمہ داری اس پر عائد ہوتی ہے ۔ یہ بھی ایسا ہی معاملہ ہے ۔ اسلئے ہم یہ چاہتے ہیں کہ لاریوں موٹروں ۔ بنڈیوں اور گاڑیوں وغیرہ کے ذریعہ جو خلاف قانون شراب یا سیندھی کی منتقلی عمل میں آتی ہے اسکو روکا جائے تو اس سے سرکار کو بھی فائدہ ہوگا اور پبلک کو بھی فائدہ ہوگا ۔

دوسری چیز یہ کہی گئی ہے کہ سزا بہت سخت ہے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ تعزیری جرائم کا یہ ایک اصول ہے کہ اگر جرم معین جرم کی موجودگی میں سرزد ہوتو اسکا یہ مطلب ہوا کہ وہ بھی اسی جرم میں شریک ہے ۔ جیسے ایک قتل کے معاملہ میں مشورہ کیا جائے یا قتل میں مدد دیجائے یا قتل کرتے وقت وہاں موجود ہو تو اوسکو وہی سزا دیجاتی ہے جو اصل مجرم کے لئے مقرر ہے ۔ ایسے ہی ایک شخص دیدہ و دانستہ شراب کی خفیہ کشیدگی یا اسکی منتقلی میں معین ہے تو اسکو بھی اتنی ہی سخت سزا دیجانی چاہئے ۔ اور اس لحاظ سے جو سزا اس بل میں تجویز کیگئی ہے کسی طرح سخت نہیں ہے اور ایک بات جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ

'If the owner thereof satisfies the Court that he has exercised due care in preventing the commission of the offence.'

اسمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ اگر ملزم نے جرم کے ارتکاب میں مدد نہیں دی ہے تو اسکو ثابت کرنا ہوگا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اگر جرم ثابت ہوجائے تو پھر دیدہ و دانستہ یا سمجھکر اس میں حصہ لینے کا سوال پیدا ہوتا ہے ۔ اسلئے اس پر مکرر غور کیا جانا چاہئے کیونکہ یہ ترمیم ضروری ہے ۔

آخر میں میں ہاؤس سے اپیل کرونگا کہ وہ اس امنڈمنٹ کو پاس کرے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں اس پر کافی مباحث ہوچکے ہیں . . . .

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ کافی پائنٹس (Points) ہاؤس کے سامنے آئے ہیں ۔ جن پر بحث ہونا ضروری ہے ۔

شری کٹا رام ریڈی ۔ اسپیکرسر ۔ ہمارے سامنے آبکاری کے قانون میں امنڈمنٹ کے لئے جو بل آیا ہے اس کے ذریعہ سابقہ قانون میں اس طرح ترمیم کی جا رہی ہے کہ جو چور ہوتا ہے وہ تو چھوٹ جاتا ہے اور گاڑی والا پھنس جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ شاید ترمیم کا یہی مقصد ہے ۔ یہاں اپوزیشن بنچز یا ٹریژری بنچز کی بحث نہیں ہے ۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ہم جو قانون بنا رہے ہیں وہ عوام پر کسطرح اثر انداز ہوتا ہے ۔ قانون بناتے وقت ہمیں عجلت سے کام نہیں لینا چاہئے ۔

بعض آنریبل ممبرس نے دفعات ۸ اور ۹ میں درآمد اور برآمد کے ذریعہ کو بھی لانے کی کوشش کی ہے ۔ لیکن قانون آبکاری اپنی جگہ مستقل ہے ۔ اس میں ایسی گنجائش نہیں ہے ۔ سنہ ۱۳۱۶ ف میں جو الفاظ شریک کئے گئے ہیں انکو سمجھنے میں مغالطہ ہوتا ہے ۔ ” جب کوئی جرم مندکرہ قانون ھذا ثابت ہوتو وہ سراب یا منشی شئے یا گلمہوہ اور بھٹی اور آلات ظروف جو اس جرم سے تعلق رکھتے ہوں ضبط کرلئے جائینگے “ لیکن اب اس ایکٹ میں جو امنڈمنٹ آیا ہے وہ یہ ہے کہ

" Where an offence punishable under this Act is proved to have been committed, the liquor, intoxicating drug,.... shall be liable to confiscation by order of the court."

اس میں مغالطہ کی گنجائش ہے ۔ پروو (Prove) آخر عدالت ہی میں ہوتا ہے۔ لیکن جرم ثابت ہونے سے پہلے ہی لاری یا بنڈی گرفتار کرلی جاتی ہے ۔ موجودہ ایکٹ میں یہ خامی ہے ۔ اور اسکی وضاحت نہیں کی گئی ہے ۔ ضابطہ فوجداری کے تحت مقدمہ چلانا پڑتا ہے ۔ لیکن ملزم کو فوراً چھوڑنے کے احکام اس قانون میں موجود ہیں ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا کسی قانون کو جرم کرنے والے سے بڑھکر اس سے متعلقہ لاری یا بنڈی والے پر عائد کیا جاسکتا ہے ؟ کیا یہ ریزن ایبل (Reasonable) ہے؟ میں تو نہیں سمجھتا ۔ ممکن ہے آنریبل ممبرس کے سامنے کوئی خاص کیس ہو ۔ لیکن قانون بناتے وقت یہ دیکھنا چاہئے کہ اس کا اثر عوام پر کسطرح پڑیگا ۔

سکشن (۳۹) کا پارٹ (۲) یہ رکھا جا رہا ہے کہ

" Any receptacle, package or covering in which any of the articles liable to confiscation under sub-section (1) is found and the other contents, if any, of such receptacle, package or covering and the animals, carts, vessels, lorries or other conveyances used in carrying any such article shall likewise be liable to confiscation by order of the court."

اس سکشن میں یہ نہیں دیکھا گیا ہے کہ ہمارے قانون آبکاری کے تحت اس دفعہ کو ایسے حالات میں لاسکتے ہیں یا نہیں ۔ آنریبل منسٹر اسے اسلئے لانا چاہتے ہیں کہ

مدراس اور بمبئی میں ایسا ہے ۔ لیکن میں کہونگا کہ ہمارے قانون آبکاری میں اس کی گنجائش نہیں ہے ۔ مدراس کا قانون وہاں کے حالات کے لحاظ سے بنا ہے اور ہمارے حالات ان سے مختلف ہیں ۔ ہوسکتا ہے کہ یہ یہاں میجارٹی (Majority) سے منظور ہو جائے لیکن جب ہم قانون بنا رہے ہیں تو ہم پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ جب قانون بنا رہے ہیں تو ہمیں سب حالات پر غور کرنا چاہئیے ۔ قانون کا مقصد تو یہ ہونا چاہئیے کہ سو گنہگار چھوٹ جائیں لیکن ایک بے گناہ کو نقصان نہ پہنچے ۔ لیکن یہاں تو ہم دیکھتے ہیں کہ بے گناہ پھنس جاتا ہے ۔ اور گناہگار چھوٹ جاتا ہے ۔ دفعہ ۹۳ کو آپ ملاحظہ فرمائیں تو اس میں یہ ہے کہ

" جب کوئی مال جو حسب قانون ہذا گرفتار کیا جائے کسی عہدہ دار ناظم بہانہ کے سپرد کیا جائے تو اس پر لازم ہوگا کہ تا صدور حکم عدالت یا عہدہ دار مجاز اس مال کو اپنی حفاظت میں رکھے اور عہدہ دار داخل کنندہ کی درخواست پر اس کو یا اس کا کوئی جزو لے جانے کی اجازت دے "

فرض کیجئے کوئی شخص ایک ٹیکسی کرایہ کرلیتا ہے اور اپنے ساتھ سیندھی لاتا ہے ۔ آپ ایسے شخص کو تو فوراً چھوڑ دیتے ہیں لیکن ٹیکسی والے کو عدالت میں لیجاتے ہیں ۔ اسکی ٹیکسی ضبط کرلیتے ہیں ۔ اور عدالت میں تحقیقات کے بعد چھوڑتے ہیں ۔ یہ تصور غلط ہے اگر آپ قانون بنا رہے ہیں تو اس میں ملزم کےلئے سخت سے سخت سزا رکھئیے ۔ لیکن آپ کا قلم اس طرف نہیں چلتا ۔ برخلاف اسکے آپ دوسرے ذریعہ کو متاثر کرنا چاہتے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہے ۔ اس میں بیگناہ کا پھنس جانا یقینی ہے ۔ چند آنریبل ممبرس نے کہا کہ لاریز میں ناجائز شراب کی درآمد برآمد ہوتی ہے لیکن یہ زیادہ تر شہروں میں ہوتی ہے ۔ ان کےلئے آپ مخصوص قانون بناسکتے ہیں ۔ لیکن ہر کامن میان (Common man) کو متاثر کرنا کسی طرح ٹھیک نہیں ۔

دوسری چیز یہ بھی ہے کہ اگر ہم سی ۔ پی ۔ سی کا آرٹیکل (۵۵) دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ

"Any Police officer may seize any property which may be alleged or suspected to have been stolen or which may be found under circumstances which create suspicion of the commission of any offence; such Police Officer, if subordinate to the officer in charge of a Police Station, shall forthwith report the seizure to that officer."

یہ بھی اس مال سے متعلق ہے جس سے جرم سرزد ہو ۔ لیکن آپ یہاں ایک ایسی چیز کو لے رہے ہیں جس کے ذریعہ سے مال لیجاتے ہیں ۔ کیا شراب یا سیندھی کسی گاڑی پر رکھکر لیجانے سے ہی جرم کا سرزد ہونا تصور کیا جائیگا ؟ میں سمجھتا ہوں بعض آنریبل ممبرس ہماری عدالتوں کے پروسیجر (Procedure) کو بھولتے ہیں ۔ ہم آبکاری کا قانون ایسا بنا رہے ہیں کہ ملزم تو فوراً چھوٹ جاتا ہے لیکن گاڑی والے

کو عدالتی چارہ جوئی اختیار کرنی پڑتی ہے اور اس کےلئے ایک نیا پروسیجر اڈاپٹ [illegible]
(Adopt) کرنا پڑتا ہے ۔ اس طرح یہ قانون [illegible] ایک طرح سے دق
کرنے کے قابل ہو جائیگا ۔ اسلئے بہتر یہ ہے کہ ابکاری کا جو قانون ہمارے سامنے
پیش ہے اسے سلکٹ کمیٹی (Select Committee) کے تفویض کیا جائے
تاکہ وہ پورے قانون پر غور کرکے جو اصلاحات ضروری ہیں انکی [illegible]
اور اگر ان تمام باتوں پر غور نہ کرکے اسکا [illegible] مناسب [illegible]

శ్రీ [illegible]:

[illegible]

[illegible] ఈ చర్చల పైఖరి అసలు [illegible] శాసనశాఖ, న్యాయ [illegible] నేడు తప్పులు చేస్తు న్నారని [illegible] గాని ఎవరిని విమర్శించాలని గాని [illegible] శాసనసభలో ప్రవేశించినప్పటి నుంచి [illegible] (Standards) [illegible] స్థాయిని కోరుతున్నదో ఆ స్థాయిని మనం చేసే [illegible] వివిధ వ్యక్తికలలో [illegible] (Side lights) [illegible] నిరూపిస్తున్నాయి.

శ్రీ [illegible] ([illegible]): [illegible] స్థాయిని విచారించుట పొరపాటు.

Shri M. S. Rajalingam : I am on my legs, Sir, and I do not want that any Member should interrupt my speech.

[illegible] శాసనశాఖ, న్యాయశాఖ, కార్యనిర్వాహక శాఖ [illegible] కోరుచున్నాను. ఒక్కొక్క శాఖకు [illegible] అనేకార సుధిమ న్యాయశాఖకు కలుగ [illegible] కార్యనిర్వాహక శాఖవారు అమలు చేయునపుడు [illegible] అసలు [illegible] ఉద్దేశాన్ని వదలి చిక్కులనే [illegible] బిల్లుయొక్క అసలు స్వరూపము [illegible] వస్తుందని నా భయము. అందుచే [illegible] (Legal bent of mind) [illegible] ఇలాంటి బిల్లు [illegible] మనము చేసే శాసనాలు ఎక్కువ ప్రయోజన కారిగా [illegible] శాసనాన్ని అమలు జరిపేటప్పుడు [illegible] (Short Notice Questions Adjournment-motions గాని Enquiry Committees) [illegible] పెట్టుకోవచ్చును. గాని ఒక బిల్లును [illegible] లీగల్ బెంట్ [illegible] అలవరచుకొని మాటలాడితే ప్రయోజనకారిగా ఉంటుంది.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے [illegible] ہو رہی ہے۔

Shri G. Hanumantha Rao: Sir, is he advising the House or is he talking on the subject, I want to know?

Shri M. S. Rajalingam: I feel, Sir, that there is nothing wrong in our having mutual advice when we have fallen so low in the standards.

[illegible] Dilatory tactics [illegible] (Legislature) [illegible] (Provisional Rules [illegible] (Closure motions) [illegible] (Pass) [illegible]

Shri V. D. Deshpande: Mr. Speaker, Sir, the hon. Member is not at all speaking about the Bill, but he is giving a sermon.

The Minister for Labour (*Shri V. B. Raju*): Oh! The hon. Member knows Telugu.

Shri M. S. Rajalingam: It is for the Chair to decide Sir, and I am continuing.

[illegible]

Shri G. Hanumantha Rao: Sir, I want to know whether he is talking about the amendment or is he talking about the House?

Shri. M. S. Rajalingam: Sir he can draw his own inference, but he cannot dictate to me, and on my part I have not done such a thing to others.

Shri G. Hanumantha Rao: He is not talking about the amendment.

Mr. Speaker: He is expected to talk on the amendment.

శ్రీ [illegible] (పరిగి): —అయితే ఈ రోజున మీరు తెలుగులో ఎందుకు మొదలు పెట్టారు?

శ్రీ [illegible] :

[illegible] అసలు విషయానికి వచ్చాము కాబట్టి మీకు [illegible].

(Laughter).

[illegible] (Amendments) [illegible] అవసరమైనచో అవి దేశానికి [illegible] ప్రస్తుతము అభ్యంతరించుకున్న Seizure [illegible] విషయాలను శంకించే [illegible] [illegible]

شری سرینواس راؤ رام راؤ ایکبھیل کر (ضلع [illegible]) - مسٹر اسپیکر سر - قانون کی تاویلات کے وقت ہم کو کامن سنس (Common senese) سے کام لینا چاہئے - اور قانون کی جو صحیح تعبیر نکل سکتی ہے اوسی کو قبول کرنا چاہئے - ہمارے ایک دوست نے یہ مثال پیش کی کہ ایک شخص ریل میں یا بس میں بیٹھکر ناجائز افیون وغیرہ اپنے جیب میں رکھکر جا رہا ہے - تو کیا ریل یا موٹر ضبط ہو جائیگی ؟ یہ قانون کی غلط تاویل ہوگی - اور یہ بات ہماری سمجھ سے باہر ہے - لیکن اپوزیشن کی جانب سے محض اعتراض کرنے کی خاطر جو مخالفت کی جا رہی ہے وہ صحیح نہیں ہوسکتی - دوسری چیز یہ کہی گئی ہے کہ جس موٹر لاری میں یہ ناجائز شراب وغیرہ لائی جائیگی اوسکو بھی بلا وجہ ضبط کیا جائیگا - میں یہ کہونگا کہ اگر عمداً ایسا کیا جا رہا ہے تو وہ ضرور ضبط ہوگی - لیکن لا علمی میں ایسا کیا گیا ہو تو اوسکے متعلق عدالت مناسب حکم دے سکیگی - ہمارے دوست نے یہ بھی کہا کہ اوس مالک موٹر یا لاری کی حیثیت عام طور پر معین شریک جرم کی نہ ہوگی اسلئے اس کا مال ضبط کرنا درست نہیں - ایسا نہیں ہے - کہ جو شخص عمداً اپنی موٹر یا لاری اس کے لئے استعمال کیا ہو وہ شریک جرم قرار پائیگا - اور اس اعانت کی وجہ سے اوسکو سزا دیجائیگی - ساتھ ہی ساتھ یہ بھی تعبیر کی گئی ہے کہ موٹر کیسے شریک جرم ہوسکتی ہے - میں یہ کہونگا کہ یہ ایسی تعبیر ہے جو کامن سنس (Common sense) کی تعبیر نہیں ہے - قتل کے مقدمہ میں جس بندوق سے قتل کا ارتکاب عمل میں لایا جاتا ہے چاہے وہ (٥) ہزار کی بندوق ہو یا اس سے زیادہ کی بندوق ہو جب وہ جرم کے لئے استعمال کی گئی ہو تو ضبط کرلیجائیگی - اسی طرح یہ کہنا کہ بندوق شریک جرم نہیں تھی اسلئے اسے ضبط نہ کیا جانا چاہئے غلط ہے - اس لحاظ سے ایسی موٹر لاری جو اس جرم کے لئے استعمال کی گئی ہو خواہ وہ کسی شخص کی ہو ضبط کی جائیگی - اسکے متعلق یہ کہنا کہ اس قسم کا مال ٨ یا (٩) مہینے تک بلا وجہ عدالتوں میں سڑتا پڑا رہیگا مناسب نہیں ہے - اسکے متعلق

ترمیم میں یہ صاف طور پر کہدیا گیا ہے کہ اگر عدالت میں مالک اسکا اطمینان کرادے کہ اس نے لاعلمی میں ایسا کیا ہے تو وہ لاری ضبط نہیں کی جائیگی - لیکن اسکے باوجود یہ محسوس ہو کہ عدالت کے اس فیصلہ سے اسکی لاری کو کوئی نقصان پہنچیگا تو وہ تحقیقات کے بعد اگر یہ ثابت ہو کہ جرمانہ کا دعوی بھی کرسکتا ہے اور قانون میں اسکی گنجائش رکھی گئی ہے کہ انتہائی سزا ہمیشہ استعمال کیجائیگی - مگر یہی سمجھنا کہ ہر جرم کیلئے انتہائی سزا مقرر ہوتی ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہر مرتبہ انتہائی سزا ہی دی جائے - ایسے محض ایسے اندیشوں کو سامنے رکھکر کہ ہر وقت انتہائی سزا ہی صادر کی جائیگی ایسے اعتراضات کرنا درست نہیں - آبکاری کے جرائم میں عام طور پر کمپرومائز (Compromise) کرنے کا اختیار ہے کچھ رقم لیکر ملزم کو چھوڑ دیا جاسکتا ہے اور مجسٹریٹ مجاز اسکو دفع کرسکتا ہے - لیکن یہ سمجھ لینا کہ ہر مرتبہ موٹر لاری ضبط ہی کی جائیگی اور چونکہ اسکی قیمت ۱۰ - ۱۲ ہزار روپے ہوگی اسلئے مالک کو نقصان پہونچیگا یہ فرضی اندیشے ہیں - اسکے لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ بھی اعتراضات کئے گئے ہیں وہ صحیح نہیں ہیں - اسوقت جو ترمیم لائی جارہی ہے اس میں اسکا ثبوت رکھی گئی ہے - ان تمام چیزوں کے باوجود جو اعتراضات کئے جا رہے ہیں وہ صحیح نہیں ہیں - میں امید کرتا ہوں کہ جو ترمیم ھاؤس کے سامنے آئی ہے وہ منظور کیجائیگی -

شری ایل بی راؤ گوانکے - مسٹر اسپیکر ہاؤس کے سامنے سکشن ۳۹ میں جو امنڈمنٹ لایا جا رہا ہے اور اس امنڈمنٹ کے سلسلہ میں ایک اور امنڈمنٹ جو پیش کیا جارہا ہے میں اسکے متعلق کچھ عرض کرونگا - جب کبھی کوئی قانون بنایا جائے یا جیسا کہ ہم لوگ اب بنا رہے ہیں وہ اس طرح سے ہونا چاہئے کہ اوسکے الفاظ واضح ہوں - اور جہاں تک ہوسکے ... دو یا تین معنی نہ لئے جاسکیں۔ قانون کے الفاظ کا غلط انٹرپریٹیشن (Interpretation) ہونے کی گنجائش نہ ہونی چاہئے - اور جہاں تک ہو ایسے الفاظ ہونے میں رکھنے ضروری ہیں جسکی بناء پر عدالت اس سکشن کے تحت اپنا فیصلہ صادر کرسکے - اسکے ساتھ ساتھ ہم کو یہ بھی دیکھنا ہے کہ جب ہم قانون مدون کرتے ہیں تو اس میں اس چیز کی گنجائش نہ ہو کہ کسی ایک شخص کے حق میں کوئی سخت سزا صادر کی جائے اور دوسرے کے حق میں کم سزا صادر ہو - اب جو امنڈمنٹ آپ کے سامنے رکھا جا رہا ہے اس میں یہ الفاظ ہیں -

"(2) Any receptacle, package or covering in which any of the articles liable to confiscation under sub-section (1) is found and the other contents, if any, of such receptacle, package or covering and the animals, carts, vessels, lorries or other conveyances used in carrying any such article shall likewise be liable to confiscation by order of the court."

اس امنڈمنٹ کے جو آخری الفاظ ہیں

"Shall likewise be liable to confiscation by order of the court."

انہیں جیسا چاہے انٹرپریٹ (Interpret) کرلیا جائیگا - ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ اسکے معنے (May) کے ہونگے - لیکن میں یہ کہونگا کہ لفظ (May) "کا استعمال صاف طور پر کیوں نہیں کیا جاتا اور یہاں کیوں انٹرپریٹیشن کی گنجائش رکھی گئی ہے ؟ آپ یہ کہتے ہیں کہ عدالت اسکو اسی سنس (Sense) میں لیگی میں یہ کہونگا کہ جب فیصلہ صادر ہوگا تو کیا آنریبل ممبر وہاں جا کر یہ کہینگے کہ ہمارا یہ سنس (Sense) نہیں تھا بلکہ یہ سنس تھا - جو سنس آپ ہاؤس کے سامنے پیش کرتے ہیں وہ سنس عدالت میں نہیں ہوتا - بلکہ عدالت وہی سنس لیگی جو ظاہر ہے - کیا آپ اس وقت عدالت کے سامنے جا کر یہ کہینگے کہ ہاؤس میں جو سنس ہم نے لیا تھا وہ سنس آپ لیجئے ؟ وہاں تو جو معنی اسکے ہونگے اسی کے مطابق سزا دیجائیگی - عدالت سنس نہیں دیکھتی معنی دیکھتی ہے - اور معنی نکالتے ہوئے سزا یا فیصلہ صادر کرتی ہے - آپ کہتے ہیں کہ Shall be liable کے معنی " May " کے ہونگے لیکن میں کہونگا کہ اگر اسکے یہ معنی ہوسکتے تھے تو آپ " May " کا لفظ استعمال کرسکتے تھے کیوں آپ کو اسکی جرأت نہیں ہوئی ؟ دوسری ترمیم جو اس سلسلہ میں لائی جا رہی ہے وہ عجیب قسم کی ہے۔

"If the owner thereof satisfies the Court that he has exercised due care in preventing the commission of the offence."

میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ کس طرح کوئی مالک کورٹ کو سیاٹسفائی (Satisfy) کرسکیگا کہ جرم میں اس کا ہاتھ نہیں تھا - اسکے الفاظ بالکل صاف ہیں - چاہئے تو یہ کہہ کر کہ آپ نے جرم کیا ہے آپ شریک یا معین جرم تھے گرفتار کیا جائیگا پھر کہا جائیگا کہ عدالت میں آپ آکر اپنی بیگناہی ثابت کریں - میں نہیں سمجھتا کہ کس طرح کوئی عدالت میں آکر یہ ثابت کرسکیگا کہ اوس نے اس جرم میں اعانت نہیں کی -

مثال کے طور پر میں کہونگا کہ آنریبل منسٹر نے اپنے ڈرائیور سے کہا کہ جاؤ بچوں کو اسکول پہنچا آؤ - ڈرائیور کو معلوم ہوتا ہے کہ کہاں اس قسم کے دھندے چلتے ہیں - وہ بچوں کو اسکول پہنچا کر واپسی میں اوس جگہ جاتا ہے جہاں سے ناجائز طور پر شراب منتقل کیجاتی ہے - ڈرائیور اس گاڑی میں شراب رکھ لیتا ہے - ایسی حالت میں گاڑی پکڑی جاتی ہے - کورٹ میں یہ بات پیش ہوتی ہے کہ اس گاڑی میں فلاں چیز منتقل کی جارہی تھی - ایسی صورت میں کیا منسٹر صاحب کورٹ میں جا کر ثبوت پیش کرینگے کہ نہیں ایسا نہیں ہوا تھا ؟ کیا منسٹر صاحب یہ کہینگے کہ ایسا نہیں ہے بچوں کو اسکول پہنچانے کیلئے میں گاڑی بھیجا تھا ؟

Even the Minister will not be able to prove this thing.

رہ سکتی ہے کہ ایسی ہم ڈالے گاڑی بھی نہیں وہ محض ہے اسکا مالک یہ نہیں سمجھ سکتا کہ وہ گاڑی کو کسی ناجائز غرض کیلئے استعمال کیا جائے۔ اس لئے صرف اس کا مالک ظاہر کرسکتے ہیں ۔

The owner of the car has no connection with the commitment of the offence.

جب اس مقدمہ میں یہ الفاظ ہے جن میں ترمیم ہے جسکے معنی یہ ہیں کہ کیا یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس قانون میں کسی قسم کی سختی ہے اور قانون میں دو دن میں کارروائی کی گنجائش ہوتی ہے ۔

اس کی وجہ ایک اور بھی ہے کہ ایک شخص جو اصلی گنہگار ہے اسے سزا ... ہے ... ایک شخص ناجائز طور پر شراب ... اور ... کہتا ہے کہ تم ... دو۔ وہ ... دونوں گنہگار ہیں ۔ دونوں کو سزا ... ہونا چاہئے کہ جو اصلی مجرم ہے ... ہے اسکو ایک سال کی سزا ملتی اور جو شریک جرم ہے اسکو بھی ایک سال کی سزا ملتی ۔ اور اسکے علاوہ شریک جرم کی اگر لاری ہے یا بیل بنڈی ہے تو وہ بھی ضبط ہوجائیگی ۔ اسلئے ... ہے کہ اصلی مجرم سے بھی زیادہ سزا شریک جرم کو دی جائیگی ۔ اصلی مجرم کے مقابلہ میں شریک جرم کو دگنی سزا دیجانا درست ہوگا ۔ میں ... کہ ... ایسی سختی نہ ہونی چاہئے کہ شریک جرم کو اصلی مجرم ... سزا دیجائے ۔ ایسا کیا جائے کہ کسی کے ساتھ ناانصافی ہو ۔ جیسا کہ ... نے کہا کہ

"Provided that no such animal, cart, vessel, lorry and other conveyances."

میں ... اصل (Animal) کارٹ (Cart) وغیرہ کو نکال دیا جائے یا اگر ... نکالا جاسکتا ہے تو ... نہ ہونا چاہئے کہ

"Provided that no such animal, cart, lorry or other conveyances shall be convicted unless the court is satisfied that the owner has acted with the malafied intention."

آپ اسطرح سے اسکو ... کہ ... بھی معلوم ہوگا ۔ اسکے سامنے واضح قانون ہوگا۔ اسطرح شریک جرم اور ... دونوں کو سزا ہوسکیگی ۔ لیکن یہ طریقہ درست نہیں کہ سو پچاس گیلن سیندھی یا شراب کیلئے آپ کسی کی بیل بنڈی ضبط کرلیں ۔ ان چیزوں پر غور کرنے کی ضرورت ہے ۔ اس قانون میں جو خرابیاں ہیں ان پر غور ہونا ضروری ہے ۔ یہ ہمیں دیکھنا چاہئے کہ یہ بات اپوزیشن کی جانب سے کہی جارہی ہے یا ٹرزری بنچس کی طرف سے کہی جارہی ہے ۔ دیکھنا یہ چاہئے کہ کیا بات کہی جارہی ہے ۔ جو بات کہی جارہی ہے وہ صحیح ہے یا نہیں ۔ اور یہ دیکھنا چاہئے کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہوے

پائے۔ ان چیزوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس قانون میں ترمیم پیش کرنا چاہئے۔ مجھے اسوقت صرف اتنا ہی کہنا ہے کہ جو امنڈمنٹ پیش ہوا ہے وہ اون وجوہات کی بنا پر جنہیں میں عرض کرچکا ہوں لائق منظوری نہیں ہے۔

شری کے۔ اننت رام راؤ۔ آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ ضابطہ فوجداری کی روسے یہ اختیار اسوقت حاصل نہیں ہے۔ اسلئے جب تک متعلقہ قانون کی روسے اجازت . . . .

مسٹر اسپیکر۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر جزوی امور پر بحث نہیں کرینگے۔

شری کے۔ اننت رام راؤ۔ جی نہیں۔

مسٹر اسپیکر۔ ترمیم کے بارے میں کہئے۔

شری کے۔ اننت رام راؤ۔ ضابطہ فوجداری کے ضمن ایک کے الفاظ یہ ہیں کہ ”تمام جرائم مجموعہ تعزیرات۔ الک محروسہ سرکارعالی کی تفتیش تحقیقات تجویز اور دیگر کارروائی حسب مجموعہ ہذا کیجائیگی“۔

اور اسی دفعہ کے ضمن ۲ کے الفاظ یہ ہیں کہ ” کسی اور قانون کی روسے جو جرائم قرار پائے ہوں انکی بھی تفتیش تحقیقات اور دیگر کارروائی حسب مجموعہ ہذا کی جائیگی لیکن بمتابعت احکام کے جو ایسی تفتیش تحقیقات تجویز یا دیگر کارروائی کے طریقہ یا مقام کے متعلق نافذ ہوں“۔

اوس مال سے تعلق جو مقدمات کے سلسلہ میں پیش ہو دفعہ (۴۸۰) ضابطہ فوجداری میں یہ صراحت کیگئی ہے کہ ” بوقت تجویز مقدمہ عدالت کسی مال یا دستاویز کی نسبت جو اسکے روبرو پیش یا اسکی حفاظت میں ہو یا جسکی بابتہ کسی جرم کا ارتکاب ہونا پایا جائے یا کسی جرم کے ارتکاب میں استعمال کیگئی ہو حکم مناسب صادر کرسکیگی“۔

اس دفعہ کی عبارت سے یہ صاف ظاہر ہے کہ جب کوئی مقدمہ عدالت میں پیش ہوتو اوس مقدمہ سے متعلقہ مال یا دستاویز جسکی نسبت کسی جرم کا ارتکاب ہونا پایا جائے تو اسکے متعلق مناسب حکم صادر کیا جاسکتا ہے۔ اس سے صاف واضح ہے کہ مال کے متعلق عدالتیں مجاز ہیں کہ وہ اپنی صوابدید کو کام میں لاکر اسکو ضبط کریں یا واگذاشت کریں۔ ان دفعات کی موجودگی میں جو ترمیم پیش کیجارہی ہے وہ غیر ضروری ہے۔ اسلئے وہ ترمیم قابل حذف و ناقابل منظوری ہے۔ قانون کے بعض دفعات پر پردہ ڈالتے ہوئے خوش نما انداز میں زیادہ سے زیادہ یہ کوشش کیگئی ہے کہ هاؤس کو دھوکہ دیا جائے. . . . .

شری لکشمن کونڈا۔ (آصف آباد۔ عام) کیا یہ لفظ ”دھوکہ“ پارلیمنٹری (Parliamentary) ہے ؟

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ اگر آنریبل ممبر قانون کو صحیح طور پر سمجھے ہوتے تو ایسا نہ کہتے۔

شری کے ۔ اننت رام راؤ - ان دفعات کی موجودگی میں انکو نہ پیش کرکے هاؤس کو دهوکه دیا گیا هے اسکے معنی کهه رها هوں ......

مسٹر اسپیکر - اس هاؤس میں نه تو کوئی دهوکه دینے والے هیں اور نه کوئی دهوکه کهانے والے ۔

شری لکشمن کونڈا - انہوں نے دهوکه دینے کا جو لفظ استعمال کیا هے انہیں چاهئے که وه اپنے الفاظ واپس لیں ۔

مسٹر اسپیکر - " دهوکه دینا " یه ان پارلیمنٹری (Un-Parliamentary) لفظ هے اسکو واپس لیا جائے ۔

شری کے اننت رام راؤ - میں یه عرض کررها تها که قانون کے موجود هونے کے باوجود ....

شری لکشمن کونڈا ۔ ([illegible]) - پہلے وه اون ان پارلیمنٹری (Un-Parliamentary) الفاظ کو واپس لیں اور اسکے بعد جو کهنا هے کهیں تو .....

مسٹر اسپیکر - میں نے رولنگ (Ruling) دے دی هے که وه الفاظ ان پارلیمنٹری هیں ۔ آنریبل ممبر کو انہیں واپس لینا چاهئے ۔

شری کے ۔ اننت رام راؤ - میں یه عرض کررها تها ......

مسٹر اسپیکر - پہلے آپ ان الفاظ کو واپس لیجئے ۔

شری کے اننت رام راؤ - اگر میرے وه الفاظ ....

شری لکشمن کونڈا - انہیں اپنے الفاظ غیر مشروط طور پرواپس لینا چاهئے ۔

شری کے ۔ اننت رام راؤ - گزارش یه هے که .....

مسٹر اسپیکر - گزارش وزارش کچھ نہیں - پہلے وه الفاظ واپس لیجئے - یہاں کوئی دهوکه کهانے والے نہیں هیں ۔

شری کے ۔ اننت رام راؤ - الفاظ پر پرده ڈالکر جو پیش کیا گیا هے اسکے متعلق میں نے کہا که اس سے دهوکه هوتا هے ۔

مسٹر اسپیکر - " دهوکه هونا " الگ بات هے اور دهوکه دینا الگ بات هے ۔ آپ نے کہا هے که " هاؤس کو دهوکه دیا جائے " یه نہیں کہا گیا که " هاؤس کو دهوکه هوتا هے " ۔

شری کے - اننت رام راؤ - میں یہ الفاظ استعمال کررہا ہوں کہ " ہاؤس کو دھوکہ ہورہا ہے " -

مسٹر اسپیکر - میں نے آپکی باتیں کافی سنی ہیں - میں کہہ رہا ہوں کہ آپ کو وہ الفاظ واپس لینے ہونگے -

شری کے - اننت رام راؤ - اگر کچھ غلط فہمی ہوگئی ہو تو کیا تشفی نہ کیجائے ؟

شری ترینڈرجی (کاروان) - آپ کے دماغ میں غلط فہمی ہو تو وہ غلط فہمی دور نہیں ہوسکتی -

مسٹر اسپیکر - کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ گورنمنٹ دوسری پارٹی کے لوگوں کی ہے اور ہاؤس کو دھوکہ دے رہی ہے ؟

شری کے - اننت رام راؤ - میں نے یہ نہیں کہا ....

مسٹر اسپیکر - آپ نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں انکو واپس لیجئے -

شری کے - اننت رام راؤ - یہ الفاظ عدالتوں میں استعمال ہوتے ہیں ....

مسٹر اسپیکر - عدالت میں ایسے الفاظ استعمال ہوتے ہونگے اسمبلی میں نہیں ہوسکتے - میری یہ رولنگ (Ruling) ہے - آپ کو وہ الفاظ واپس لینے چاہئیں -

شری کے - اننت رام راؤ - میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ .....

مسٹر اسپیکر - آپ ان الفاظ کو واپس لیجئے -

شری کے - اننت رام راؤ - اگر ....

شری ترینڈرجی - اگر - مگر نہیں - غیر مشروط طور پر الفاظ واپس لینا چاہئے -

مسٹر اسپیکر - میں نے ڈیسی شن (Decision) دیدیا ہے کہ وہ الفاظ واپس لئے جائیں " دھوکہ " اَن پارلیمنٹری (Un-Parliamentary) لفظ ہے اسلئے اسکو واپس لیاجائے -

شری کے - اننت رام راؤ - اگر ہاؤس نے یہ تصفیہ کیا ہے تو میں واپس لے رہا ہوں -

شری لکشمن کونڈا }
شری ترینڈرجی } ابھی انہوں نے الفاظ واپس نہیں لئے ہیں بلکہ یہ کہہ رہے ہیں کہ " لے رہا ہوں " -

مسٹر اسپیکر - انکا امنڈمنٹ واپس لیا جاتا ھے -

شری کے - ست رام راؤ - میں امنڈمنٹ واپس لیتا ھوں -

یہ دفعہ میں بتلائی گئی ھے کہ جو سواری ھوگی اسکو بھی ضبط کرلیا جائیگا - میں سمجھتا ھوں کہ دفعہ اس منشاء کو پورا کرتا ھے - اسلئے جو ... ھوتی ھے اسکی ضرورت نہیں - میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں -

شری لکشمن کو نڈا - مسٹر اسپیکر سر - معزز آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن بنچس کی سمجھ میں نہیں آتا ھے کہ یہ امنڈمنٹ کیا ھے - اس امنڈمنٹ میں مغالطہ کی کوئی حد بھی نہیں ھے - آنریبل ممبرس یہ خیال کرتے ھیں کہ شرکت جرم کو اصل جرم سے زیادہ سزا ھوگی - میں کہتا ھوں کہ شرکت جرم کو بھی اصل جرم سے کم نہیں سمجھا جاتا بلکہ انکے جو باھمی اگریمنٹس (Agreements) ھوتے ھیں انکو دیکھا جاتا ھے - دوسرا مسئلہ یہ ھے کہ شرکت جرم ھونا لازمی نہیں ھے کیونکہ بغیر شرکت جرم ھونے کے بھی کنوینس (Conveyance) ضبط کیجاسکتی ھے - اس بارے میں ایک آنریبل ممبر نے سیکل کی مثال دی - اور کہا کہ کسی اور غرض کیلئے سیکل لی گئی تھی اور دوسری غرض کیلئے استعمال کیگئی - لیکن قانون میں اسکی ذمہ داری سیکل کے مالک پر رکھی گئی ھے - وھاں یہ ثبوت پیش کرنا ھوگا کہ سیکل جرم میں استعمال کرنے کیلئے نہیں دی تھی - جیسا کہ آنریبل ممبر نے کہا اس امر پر غور کرنا ھوگا کہ جرم ھونے کی کیا بعض اسکے اختیار کی ھے - انکا یہ مطلب ھے کہ جرم کرنے میں وہ شریک ھے یا جرم کرنے میں مدد . . . . . .

شری ایناجی راؤ گوا ینے - میں نے امنڈمنٹ کے جو معنی لئے ھیں اسکے بارے میں یہ کہا کہ ٹکنیکی کو صاف کرنے کا موقع ھے -

شری لکشمن کو نڈا - اگر انہوں نے یہی مفہوم لیا ھے تو شکریہ - اگر سیکل دوستانہ میں دیگئی ھے اور آبکاری کے احکام کی خلاف ورزی کےلئے نہیں دیگئی ھے تو عدالت کے سامنے ثبوت پیش کرنے پر وہ چیز ضبط نہیں ھوگی - اسمیں کافی اجیک ھے - تو پھر اسکی کوئی وجہ نہیں کہ ھم اسکی مخالفت کریں - لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ قانون کی ترمیم بہت سوچ بچار کرکے کیجاتی ھے - اور اسکو استعمال کرنے والے بڑے آدمی ھوتے ھیں - اسلئے اونرس (Owners) پر اسکی ذمہ داری عائد کیجائے کہ وہ سواری کسی جرم کے سلسلہ میں استعمال نہ کیجائے - ورنہ اس دفعہ کا اصلی منشاء ھی ختم ھوجائیگا - اگر وہ سیکل وغیرہ دینے کےلئے کوئی رجسٹر وغیرہ رکھتے ھیں تو اسکو عدالت میں پیش کرکے ثبوت دینے پر انہیں بیگناہ قرار دیا جاسکتا ھے - اور ایسی صورت میں وہ اس شخص سے ھرجہ بھی حاصل کرسکتے ھیں جس نے سواری کا غلط استعمال کیا ھو - نیز یہ بھی ضروری نہیں کہ یہ کارروائی فوراً ھی عدالت میں جائے - کیونکہ تعلقدار کو یہ دیکھنے کا اختیار دیا گیا ھے کہ آیا وہ کنونسیبل (Convincible) کیس ھے یا نہیں -

اس ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ جو بڑے بڑے جرائم ہو رہے ہیں ان کو روکا جائے - جو بڑے بڑے جرائم کرتے ہیں وہ پلانڈ بیسس (Planned Basis) پر ہی جرم کا ارتکاب کرتے ہیں - اور کافی مالدار لوگ ہی ایسے جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں -

اسی طرح ضابطہ فوجداری کا کوئی پراویژن (Provision) اسکو متاثر نہیں کرتا اور نہ اس سے اوس پر برا اثر پڑتا ہے کیونکہ یہ قانون مختص الامر ہے - یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ مجرم کے خلاف سزا ہوتی ہے لیکن سامان کے لئے کوئی تجویز نہیں ہوتی - عدالت میں اپیل کی جاسکتی ہے - اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جرم سرزد ہونے کے بعد بھی کافی مواد نہ ہونے کی وجہ سے عدالت میں اسکو پیش نہیں کیا جاسکتا اور عدالت اسکو سزا نہیں دے سکتی - اس لئے یہ پراویژن ضمن (بی) کے تحت لایا گیا ہے - موجودہ ترمیم کو پہلے کی ترمیمات کے باوجود اسلئے لایا گیا ہے کہ عوام کو یہ محسوس کرائیں اور جب تک سختی نہ برتی جائے اس وقت تک جرائم نہیں رکتے ایسی سختی برتنے سے عوام یہ محسوس کرینگے کہ انکے اس فعل سے خود انہیں نقصان پہنچتا ہے اسلئے احتیاط کرنا چاہئے - ورنہ قانون کے منشا کو پبلک عملاً ناکام کرنے کی کوشش کریگی - اسلئے میں آنریبل ممبرس سے توقع کرتا ہوں کہ اسکے متعلق کوئی اعتراض نہ کریں - ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ اس قانون کو از سرنو بنایا جائے - میں کہونگا کہ اگر حکومت اسبات کی ضرورت محسوس کرتی تو ایسا قانون پھرسے بنایا جاسکتا -

ایک اور پوائنٹ (Point) جو میں واضح کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ملزمین ضمانت پر رہا ہو جاتے ہیں لیکن جو کنوے اینس (Conveyance) یعنی سواری ہوتی ہے وہ عدالت میں رہتی ہے - ضمانت داخل کرکے اسکو واپس حاصل کیا جاسکتا ہے - کیونکہ عدالت کو یہ اطمینان ہو جاتا ہے کہ وہ احکام ضبطی کی صورت میں کنوے اینس (Conveyance) یا ضمانت ضبط کرسکتی ہے - اسلئے اسبارے میں کسی کو کوئی اعتراض نہونا چاہئے - اگر تکلیف ہوتی ہے تو وہ صرف ایسے ہی لوگوں کو ہوتی ہے جو جان بوجھ کر اپنی موٹر وغیرہ جرائم کے ارتکاب میں دیتے ہیں - اسلئے میں ہاؤس کے آنریبل ممبرس سے یہ اپیل کرونگا کہ وہ اس امنڈمنٹ کو پاس کریں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ہاؤس میں اس قانون پر کافی بحث ہو چکی ہے - میں اس قانون کے بارے میں مختصر طور سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - میں یہ عرض کرونگا کہ مدراس اور بمبئی میں پروہیبیشن (Prohibition) کے بعد شہر حیدرآباد میں سختی کے ساتھ کنوے ینس (Conveyance) ضبط کرنیکے لئے قانون بنانے کی ضرورت نہیں ہے - جیسا کہ چند آنریبل ممبرس نے کہا اور جیسا کہ میں بھی خیال کرتا ہوں کہ اگر ضرورت ہوتو قانون میں ترمیم کی جائے - ہم جو ترمیم کر رہے ہیں وہ مدراس کے قانون کی دفعات ۱۱ تا ۱۹ سے متعلق ہے جس کا تعلق الیسٹ لکر (Illicit liquor) سے ہے -

"Where an offence punishable under this Act is proved to have been committed, the liquor, intoxicating drug,

mohwa flowers, still, utensils, implements or apparatus in respect or by means of which an offence has been committed shall be liable to confiscation by order of the Court."

میں یہ موقع رہا تھا کہ یہ چیز ہو رہے سامنے - کہی جائیگی لیکن اس سے فائدہ اٹھایا گیا اور ایسی کوئی بات نہیں کی گئی دوسری دفعہ میں یہ تذکرہ ہے ۔۔

"Any receptacle, package or covering in which any of the articles liable to confiscation under sub-section (1) is found and the other contents, if any, of such receptacle, package or covering and the animals, carts, vessels, lorries or other conveyances used in carrying any such article shall likewise be liable to confiscation by order of the Court."

جو دماب هاؤس کے سامنے پڑھے گئے هیں ان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایسا کوئی رلیونٹ فیچر (Relevant feature) اس میں نہیں ہے جس سے ظاهر ہوکہ ان چیزوں کو بیل (Bail) یا جرمانہ دیکر وہ شخص واپس لے سکتا ہے - میرے ایک همکار (Colleague) نے بتایا کہ مدراس کے قانون میں ایسی گنجائش ہے - وہاں جرمانہ دیکر یا کچھ رقم دیکر مال واپس لے سکتے ہیں - اس وجہ سے یہ جو خیال هاؤس کے سامنے رکھا جا رہا ہے کہ مال عدالت کے حکم سے ضبط کیا جائیگا اویسے میں مانتا ہوں لیکن مال ضبط ہوکر جو زمانہ گزرتا ہے اس دوران میں جو تکلیفیں مال والے کو برداشت کرنی پڑتی ہیں اسکو اس ایکٹ میں ملحوظ نہیں رکھا گیا ہے - جیسا کہ چیف منسٹر نے فرمایا اگر کوئی ترمیم کی جاسکتی ہے تو ضرور کی جانی چاہئے - دوسری بات یہ کہ جیسا کہ آنریبل صاحب نے فرمایا . . . .

Mr. Speaker : No mention of names.

شری وی - ڈی - ڈیشپانڈے - انہوں نے جس طرح کہا کہ

"Provided that no such animal, cart, vessel, lorry or other conveyance shall be confiscated if the owner thereof satisfies the Court that he has exercised due care in preventing the commission of the offence.

کو اس طرح سے بدلا جائے کہ

If the owner thereof satisfies the Court that he has acted in good faith.

تو میں سمجھتا ہوں کہ اسکے ذمہ یہ چیز آتی ہے کہ اس نے اسکو روکنے کی کوشش کی ہے یا نہیں - وہ عدالت کے سامنے یہ ثابت کرسکتا ہے کہ اس نے اپنی سواری گڈفیتھ (Good faith) میں دی ہے - آنریبل منسٹر کے سامنے یہ تجویز رکھی گئی تھی - لیکن صرف یہ جواب ملا کہ بمبئی میں ایسا ہے ، مدراس میں ویسا ہے اور

ہمارے لئے ایسی کوئی ترمیم کرلینا ٹھیک نہیں ہوگا۔ میں تو یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر ہم چاہیں تو اپنے لئے الگ قانون بناسکتے ہیں ۔ ہم لیجسلیٹرس (Legislators) کے طور پر یہاں ہیں ۔ یہاں کے حالات کے لحاظ سے موزوں قانون بنانا ہمارا کام ہے ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مدراس کے ایکٹ میں بھی

shall be liable to confiscation

نہیں ہے ۔ مدراس آبکاری ایکٹ کے سکشن (۶۶) میں کہا گیا ہے کہ

"Whenever confiscation is authorised by this Act, the Magistrate ordering it may give the owner of the thing liable to be confiscated an option to pay, in lieu of confiscation, such fines as the Officer thinks fit."

اس طرح وہاں ایک ریلیونگ فیچر (Relieving feature) رکھا گیا ہے ۔ جب امنڈمنٹس (Amendments) لائے جاتے ہیں تو ہر سنجیدہ ہاؤس کو یہ دیکھنا چاہئے کہ اسکے امپلی کیشنس (Implications) کیسے ہونگے ۔ یہ دیکھنا ضروری ہے کہ جب یہ قانون عدالت کے سامنے آئیگا تو اسکی وجہ سے عوام کو خواہ مخواہ تکلیف نہو ۔ ان سب چیزوں کو سامنے رکھنے کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ جو امنڈمنٹ آنریبل منسٹر نے پیش کیا ہے وہ حقیقت میں ایک ٹیگ (Tag) بن گیا ہے ۔ اگر ہم اسکے امپلی کیشن (Implication) کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ کسی ایک آدھ جگہ جبراً امنڈمنٹ کرنے سے پورا مسئلہ تو حل نہیں ہوتا ۔ اس کا امپلی منٹیشن (Implementation) ورک اوٹ (Work out) کرنا پڑیگا ۔ اگر ہاؤس اجازت دے تو میں یہ کہونگا کہ جس طرح آج ہمارے سامنے ایک لیجسلیشن (Legislation) اسپیکر اینڈ ڈپٹی اسپیکرس سیلریز بل (Speaker and Deputy Speaker's Salaries Bill) پر ایک امنڈمنٹ کی صورت میں آیا ہے اسی طرح اگر ہم موجودہ بل کے امپلی کیشن (Implication) کو نہ دیکھیں اور کیا اثرات ہونے والے ہیں انہیں معلوم نہ کریں تو شائد ہاؤس کے سامنے آئندہ سیشن میں ایک اور امنڈنگ بل اس پر آئیگا ۔ اسلئے ہماری جانب سے جو سجیشن (Suggestion) دیا گیا ہے کہ اس مسئلہ کو سلکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے وہ مناسب ہے ۔ آپ کیوں سمجھتے ہیں یہ مالا فائیڈ (Malafide) ہے ۔ ہمیں قانون بناتے وقت ملک کی ضروریات اور تکلیفوں کو پیش نظر رکھنا ہے ۔ اس میں عجلت کی ضرورت نہیں ہے ۔ ایسے نازک مسائل کو ممکن ہے ہاؤس کے (۱۷۰) ارکان سب کے سب ملکر صحیح طور پر سوچ نہ سکیں ۔ ایک سلکٹ کمیٹی اس پر بہتر طور پر غور کرسکتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اوس جانب کے بھی کچھ آنریبل ممبرس یہ محسوس کرتے ہیں کہ اس امنڈمنٹ کی وجہ سے حالات اور بدتر ہو جائینگے ۔ اگر حکومت بھی اس چیز کو محسوس کرے تو کم از کم اس مسئلہ کو سلکٹ کمیٹی (Select Committee)

کے ممبر [illegible] ہوتے ہیں [illegible] زور اس
کروںگا [illegible] انڈیل منسٹر آکاری
بھی [illegible] طور پر حل ہو۔

Mr. Speaker : Rule 86 of the Provisional Rules may come in our way. It runs thus :

"(1) After a Bill has been read for the first time, the Member in charge may make one of the following motions in regard to the Bill, namely :

(*a*) that it be read a second time either at once or on some future day to be then stated ; or

(*b*) that it be referred to a Select Committee composed of such members of the Assembly, and with instructions to report before such date, as may be specified in the motion :

(*c*)................

(*d*) that it be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon, within such period as may be specified in the motion.

اس کلاز (Clause) کے ضمن (۲) میں ہے کہ :

(2) Any member may make a motion as aforesaid by way of amendment.

ممبر کو اس کا اختیار دیا گیا ہے۔

But that stage is now over.

شری رنگا ریڈی ۔ اد ھکش مہودے ۔ میرے پیش کئے ہوئے مسودہ قانون پر جو ترمیم پیش کی گئی ہے اس کے الفاظ ملاحظہ کئے جائیں تو معلوم ہوگا کہ یہ خود پورے قانون کی مخالفت کرتی ہے ۔ دفعہ (۳۹) یہ ہے کہ ۔

(۱) جب کوئی جرم مندرجہ قانون ہذا ثابت ہو تو وہ شراب یا منشی شئے یا گلمہوہ اور بھٹی اور آلات ظروف جو اس جرم سے تعلق رکھتے ہوں ضبط کرلئے جائینگے ۔

اور ضمن (۲) یہ ہے کہ

اگر کوئی شئے مندرجہ ضمن (۱) دستیاب ہو لیکن اسکے متعلق کسی جرم کا ارتکاب ثابت نہو تو اسکے متعلق تعلقدار حکم مناسب صادر کرسکے گا ۔

ترمیم میں ضمن (۲) کو ضمن (۳) کی حیثیت سے باقی رکھا گیا ہے اور ضمن (۲) میں یہ اختیار چاہا جا رہا ہے کہ موٹر بنڈی لاری یا اسی قسم کی بار برداری کی چیزیں جو

شراب لانے کےلئے استعمال کی جائیں انہیں عدالت کے حکم سے ضبط کیا جائیگا ۔ آپ نے ان ہی خاص چیزوں کو حذف کرنے کےلئے ترمیم پیش کی ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ امنڈمنٹ (Amendment) نہیں بلکہ اصل قانون کی مخالفت ہے ۔ مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ آنریبل ممبرس کبھی رائی کو پہاڑ بنا دیتے ہیں اور کبھی پہاڑ کو رائی بنادیتے ہیں ۔ جب کسی کی تائید کرنا ہو تو اس سلسلے میں ہر رائی کو پہاڑ بنایا جاتا ہے اور مخالفت کرنا ہوتو پہاڑ کو بھی رائی بنا دیا جاتا ہے ۔ جو شراب یا سیندھی غیر قانونی طور پر بنڈیوں یا لاریوں میں لائی جاتی ہے اس کو معمولی چیز قرار دیکر کہتے ہیں کہ اس سے تو بیگناہ لوگ پھنس جائینگے ۔ اس طرح جرم کی اہمیت کو گھٹا دیتے ہیں ۔ اور دوسری طرف یہ کہتے ہیں کہ اگر پولیس اسے گرفتار کرلے تو اسکی بنڈی رک جائیگی بیل چلا جائیگا ۔ اسکا سنسار تباہ ہو جائیگا ۔ اسکی لاری تباہ ہوجائیگی اور چھ مہینے یا بارہ مہینے کے بعد چھوڑے گی اسکے نقصانات کا جواندازہ لگایا گیا ہے ان میں سے ایک بات کے پیدا ہونے کی بھی گنجائش نہیں ہے لیکن اپنی تائید کےلئے چھوٹی سی چیز کو پہاڑ بنایا گیا ہے ۔ میں نے یہاں مدراس کا قانون عمداً نہیں لایا ہے ۔ وہاں بھی اس قسم کی ترمیمات لائی جارہی ہیں ۔ مدراس کے قانون کی دفعہ ۴۳ میں لاری وغیرہ یہ سب چیزیں ہیں ۔ یہاں ناجائز شراب سیندھی جسطرح پولس یا آبکاری کا عہدہ دار ضبط کرسکتا ہے مدراس میں بھی کرسکتا ہے ۔اسلئے مدراس میں پولیس سے ضبط ہونے کے بعد مجسٹریٹ کو اختیار دیا گیا ہے کہ معاوضہ لیکر چھوڑ دے ۔ یہاں یہ صورت نہیں ہے ۔ جو ترمیم ہے اتنی آسان ہے کہ اس میں لاری یا بنڈی یا بار برداری کے ذریعہ کو ہاتھ لگانے کا اس وقت تک امکان نہیں جبتک کہ مجسٹریٹ کے نزدیک جرم ثابت نہ ہواور اس وقت تک ضبطی کا حکم نہیں دیا جاسکتا ۔ اس کےلئے پولیس یا آبکاری کے عہدہ دار کو جرم ثابت کرنا پڑیگا ۔ یہ میں ماننے کےلئے تیار ہوں کہ ضبطی کے بعد کچھ دنوں تک پریشان ہونا پڑتا ہے ۔ لیکن اس قانون میں عہدہ دار کوتوالی کو ایسا اختیار نہیں دیا گیا ہے ۔ جب تک ناظم عدالت ضبطی کا حکم نہ دے مال کو ہاتھ لگانے کی گنجائش نہیں ۔ اسلئے میں یہ کہونگا کہ اس قانون سے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ اسکے علاوہ آپ جو یہ کہہ رہے ہیں کہ اسکی وجہ سے عہدہ دار من مانے نقصان پہنچائینگے ۔ بلا وجہ گرفتار کرکے ستائینگے اور رشوت لینگے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس کی نظر قانون آبکاری کی دفعہ ۳۰ کی طرف نہیں گئی ۔ دفعہ ۳۰ میں یہ صاف لکھا ہوا ہے کہ—

(۱) کوئی عہدہ دار یا اور شخص جس کو تحت قانون ہذا کارروائی کرنے کا مجاز کیا گیا ہو۔

(الف) شبہ پر بلا وجہ معقول کسی مقام میں داخل ہو یا کسی کو داخل کرائے یا کسی مقام کی تلاشی لے یا کسی سے تلاشی کرائے یا ۔

(ب) تحت قانون ہذا قابل ضبطی کسی شئے کو تحویل میں لینے یا اس کی تلاشی

کے بوجہ [illegible] کسی شخص [illegible] متعلقہ جائداد [illegible] نارسائی کی غرض سے اور غیر ضروری طور پر [illegible]

[illegible] کسی شخص کو روکے یا اس کی تلاشی لے [illegible]

[illegible] ماہ تک ہوسکے گی یا جرمانہ [illegible] یا دونوں سزائیں دی جائینگی

[illegible] جو رقبہ جات واقع زیر انتظام ریزیڈنسی میں [illegible] ([illegible]) [illegible] سنہ ۱۹۴۰ ء استعمال [illegible] ہوتو اس ناظم فوجداری کے روبرو [illegible] اور جرم ثابت ہونے پر اس [illegible] ایسے ہر جرم کی تحقیقات ناظم فوجداری اسی طرح [illegible] جس طرح علاقہ [illegible] کی صورت میں [illegible]

[illegible] وجہ [illegible] کرنے والے عہدہ داروں کے لئے اون سے زیادہ سخت احکام [illegible] ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ جو شخص شراب وغیرہ لاتا ہے وہ کم ذمہ دار ہوتا ہے بہ مقابلہ اوس شخص کے جسکی موٹر وغیرہ میں یہ چیز سپلائی کی جاتی ہے ۔ خصوصاً حیدرآباد ورنگل وغیرہ جیسے بڑے مقامات پر ایسے جرائم ہوتے ہیں اور ناجائز شراب وغیرہ لائی جاتی ہے ۔ اسلئے بہ مقابلہ اوس شخص کے جو شراب لاتا ہے اوس موٹر لاری [illegible] کرنے والے کو زیادہ ذمہ دار گردانتا چاہئے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ہوسکے ۔ اور زیادہ احتیاط سے کام لیا جاسکے ۔ اسطرح کے ناجائز کاروبار سے روزانہ تقریباً [illegible] ہزار روپیہ کا سرکاری نقصان ہو رہا ہے ۔ اسلئے اگر یہ قانون نافذ ہو جائیگا تو یہ نقصان [illegible] ہوجائیگا ۔ کیونکہ اسطرح لاریوں میں ناجائز سیندھی لاکر حیدرآباد میں فروخت کی جانے کی وجہ سے یہاں کے اجازت یافتہ دوکانوں پر اسکا اثر پڑرہا ہے ۔ آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اس وقت پبلک اداروں اور مختلف اشخاص کی جانب سے اس ناجائز فروخت اور خفیہ کشید شراب کے متعلق شکایتیں آرہی ہیں ۔ میں نے خود جا کر چند مقامات دیکھے ہیں ۔ اور اسکا مشاہدہ کیا ہے کہ فی الواقعی سرکاری نقصان ہورہا ہے ۔ اسکی وجہ سے لوگوں کی اخلاقی حالت بگڑ رہی ہے۔ اور خصوصاً بچوں میں بری عادتیں پیدا ہو رہی ہیں ۔ ان تمام چیزوں کو روکنے کے لئے سخت قانون نافذ کرنے کی ضرورت ہے ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ قابل ضمانت جرم کو ناقابل ضمانت جرم کیوں قرار دیا گیا ؟ انگلینڈ میں کچھ اور حالت ہے اور یہاں ہمارے ہندوستان میں کچھ اور حالت ہے ۔ یہاں تو ہر زبانی کی بابتہ ہرجہ کی نالش ہوتی ہے لیکن اسکے برخلاف انگلینڈ میں نالش نہیں ہوتی ۔ وہاں جائداد کے مقابلہ میں انسان کی

آبرو کی زیادہ قدر نہیں ہوتی ہے اور جائداد کی زیادہ حفاظت کی جاتی ہے - اور یہاں اسکی عزت بچانے کے لئے قابل ضمانت جرم رکھا گیا ہے - ہمارے ملک میں غیر منقولہ جائداد میں محض داخل ہونے سے کوئی نالش نہیں ہوتی - لیکن انگلینڈ وغیرہ میں اگر کوئی شخص کسی کے کھیت میں بلا اجازت داخل ہو جائے تو نالش ہوسکتی ہے - اسلئے میں کہونگا کہ عوام کی ذہنیت کے خلاف استدلال پیش کرکے قانون کو نامنظور کرنے کی جو کوشش کی جا رہی ہے وہ صحیح نہیں ہے - دفعات ۸ تا ۱۲ کو بتانے کی کوشش کی گئی - میں اس میں عمداً یہ چیزیں نہیں لایا - اس وجہ سے کہ ۸ تا ۱۲ میں پولیس کے عہدہ دار یا آبکاری کے عہدہ دار کو گرفتار کرنے کا اختیار حاصل ہے - بجائے اسکے کہ عملی طور پر اسکو نقصان پہنچایا جائے ہم اوس شخص کو جرائم کے ارتکاب سے باز رکھنا چاہتے ہیں - اسلئے یہاں جائدادوں کو ہاتھ نہ لگانے کی گنجائش رکھی گئی ہے - جب تک کہ جرم ثابت نہیں ہو جاتا ملزم کو سزا دینے کا حکم یا اوسکی چیز کے ضبطی کا حکم نہیں دیا جاسکتا - یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ بمبئی اور مدراس کے جو قانون ہیں وہی یہاں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے -

شری وی۔ڈی۔ دیشپانڈے - تو کیا اس سے یہ سمجھا جائے کہ چونکہ ناجائز شراب کے سلسلہ میں حکم ہے اسلئے وہ تو ضبط کی جائیگی لیکن وہ بنڈی یا موٹر جس میں یہ شراب لائی جا رہی ہے عدالت کا حکم نہ ہونے کی بنا پر چھوڑ دیجائیگی ؟

شری رنگا ریڈی - اس دفعہ کے لحاظ سے اس وقت تک ضبطی عمل میں نہیں آسکتی جب تک مجسٹریٹ حکم نہ دے - کہیں آپ یہ بتائیں کہ مجسٹریٹ کے حکم کے پہلے کسی کو ضبط کرنے کی گنجائش اس قانون میں ہے -

شری لکشمن کونڈا - ضبط کرنے اور تحویل میں لینے کے متعلق.....

مسٹر اسپیکر - اسطرح کے کوئسچنس (Questions) کرنے سے کیا فائدہ جبکہ وضاحت کی جا رہی ہے -

شری رنگا ریڈی - بمبئی کے قانون میں اور مدراس کے قانون میں جہاں پولیس کو ضبطی کا اختیار دیا ہے میں نے ویسا نہیں دیا - اور جہاں تک کہ آبکاری کے عہدہ دار کو ضبطی کا اختیار دیا گیا ہے اوسکو بھی میں نے اختیار نہیں کیا - جس زمانہ اور جن حالات کے تحت دفعہ ۴۳ نافذ ہوا ہے وہ حالات اس وقت یہاں ہیں - ایسے حالات کے باوجود بھی یہاں کے اشخاص کی ذہنیت کے لحاظ سے یہ حکم دیا گیا کہ مجسٹریٹ کے حکم سے قبل ضبطی کا حکم نہیں دیا جاسکتا - اسکی احتیاط اس میں کی گئی ہے - اس واسطے یہ کہنا کہ وہاں کے الفاظ اس میں شریک کردئے گئے ہیں صحیح نہیں ہے بلکہ بمبئی یا مدراس کے الفاظ سے مدد لیتے ہوئے یہاں کے اشخاص کے عادات و اطوار کے لحاظ سے اس مسودہ میں یہ الفاظ لائے گئے ہیں - تمثیلات کے ذریعہ سے یہ بتانے کی کوشش کی گئی کہ اگر منسٹر صاحب اپنی موٹر میں جارہے ہیں اور وہ کسی ایسے

شخص کو موٹر میں کہا لے جانے میں جو سلسلے سبب میں ناجائز شراب کا مسئلہ ہو لیکن تو کیا منسٹر صاحب کی موٹر ضبط ہوجائے گی ؟ میں سمجھتا کہ قانون کی اخلاق منشا اور ایک معمولی آدمی سب پر یکساں ہو سکتا ہے کہ اعتراض کہ ایسی صورتوں میں منسٹر صاحب کی گاڑی ضبط ہوجائےگی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ کے الفاظ کو دور سے نہ دیکھنے کی وجہ سے یہ اعتراض کیا گیا ہے۔ اس میں یہ صاف لکھا ہے کہ " اس طرح سے شراب لانے کے لئے استعمال کی گئی ہو ۔ عدالت کوئی بے خانہ نہیں کہ جس شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ وہ اس کو سزا دے ۔ عدالت میں انصاف کرنے کے لئے ایک انسان بیٹھا ہے۔ وہاں ایسے ایسے عقیدوں کے مطابق سزائیں نہیں ملیں ۔ وہاں تو انصاف ہوگا ۔ حاکم عدالت یہ دیکھے گا کہ حقیقت میں یہ موٹر شراب لانے کےلئے استعمال کی گئی ہے یا نہیں ۔ اگر کوئی شخص شراب کا ایک سیشہ چھپا کر کسی موٹر میں ساتھ لے جائے تو اسکے معنی اگر مجسٹریٹ یہ حکم دے کہ یہ موٹر شراب لانے کے لئے استعمال کی گئی ہے تو میں ایسے مجسٹریٹ کو صحیح الدماغ سمجھنے کےلئے تیار نہیں ہوں ۔ وہ تو شراب لانے کے لئے نہیں بلکہ انسان لانے کے لئے استعمال کیگئی ہے ۔ اس لئے اس صراحت کی روشنی میں اپنے دوستوں سے میں یہ کہونگا کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں ۔ لیکن اگر ایسا ہو تو میں خود ان کی طرف سے وکالت کرونگا ۔ غرض میں نے جو صراحت پیش کی ہے اوسکی روشنی میں یہ بات سمجھ میں آئیگی کہ میں یہ ترمیم کیوں پیش کررہا ہوں ۔ حیدرآباد میں لوگوں کی اخلاقی حالت بنائے رکھنے اور بالخصوص بچوں کو اخلاقی برائیوں سے روکنے کے لئے یہ مسودہ قانون پیش کیا جارہا ہے ۔ اور میرا خیال ہے کہ یہ بلا لحاظ کسی پارٹی کے سب لوگوں کے لئے قابل قبول ہے ۔ اس سلسلہ میں میرے آنریبل ممبر گوپال راؤ صاحب نے کیا اعتراض کیا ہے معلوم نہیں ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ غالباً یہاں نام نہیں لیا جاسکتا ۔

شری رنگا ریڈی ۔ باہر جانے کے بعد میں نے ان سے پوچھا کیونکہ ٹھیک طور سے نہیں سنا تھا ۔ اپنا ابہام رفع کرنے کے لئے پوچھا ۔ لیکن وہاں بھی تشفی بخش جواب نہ پاسکا ۔ یہ بھی اعتراض کیا گیا کہ توضیح کیوں رکھی گئی؟ توضیح رکھنے کی کیا ضرورت تھی ؟ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب چاہے مجسٹریٹ ضبط کر سکیگا اور جب چاہے ضبط نہیں کریگا ۔ تو پھر اس کی کیا ضرورت ہے ؟ آنریبل اپوزیشن ممبرس کے اعتراضات سننے کے بعد ہی میں نے یہ صورت پیش کی تھی چونکہ مجسٹریٹ کو ضبط کرنیکا اختیار باقی نہیں ہے۔ اور مالکان موٹر کو جرائم کے ارتکاب سے روکنے کے لئے اختیار تمیزی نہیں دیا گیا تھا اس لئے اس حد تک میں نے توضیح کے طور پر یہ الفاظ اضافہ کئے ۔ اس کے تحت عدالت کو اختیار تمیزی دیا گیا ہے۔ یہی منشا اس توضیح کا ہے۔ بار بار یہ کہا جارہا ہے کہ اسکو سلکٹ کمیٹی کے تفویض کیا جائے ۔ مگر اس صراحت کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس مختصر ترمیم کو سلکٹ کمیٹی میں پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں

میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر تجربہ کے بعد کوئی نقائص نظر آئیں تو آئندہ سشن تک ایسے ماہتی نقائص کو دور کرنے کے لئے امنڈ منٹ پیش کرونگا - اگر واقعی کچھ خرابیاں ہیں تو وہ اسطرح بھی دور کیجا سکتی ہیں - اس لئے میں عرض کرونگا کہ ضمن (۲) اور (۳) جو میں نے توضیح کے طور پر اضافہ کئے ہیں انکو منظور کر لیا جائے -

مسٹر اسپیکر - میں امنڈ منٹ ووٹ کے لئے رکھتا ہوں -

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے - میں عرض کرونگا کہ اس جانب کے چند ممبرس اس خیال سے کہ اجلاس ساڑھے چھ بجے تک ہوگا چلے گئے ہیں - اس لئے ووٹنگ (Voting) کل ہو تو مناسب ہے۔

مسٹر اسپیکر۔ آج کے لئے بطور خاص یہ نہیں کہا گیا تھا کہ آج کا اجلاس ساڑھے چھ بجے ہی ختم ہوگا - عام طور پر یہ وقت مقرر کیا گیا ہے۔ لیکن کام کے لحاظ سے ۵ - ۱۰ منٹ زیادہ ہو سکتے ہیں - اس لئے آنریبل ممبرس کو اس کا خیال رکھنا چاہئے . . . .

شری وی - ڈی۔ دیشپانڈے - ووٹنگ کل بھی ہو سکتی ہے۔ اسمیں حرج ہی کیا ہے ؟

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلہ کو آج ہی ہم ختم کرلیں تو اچھا ہے۔

Shri A. Raj Reddy: Mr. Speaker, Sir, I want my amendment to be put to Vote.

Mr. Speaker: The Question is:

"That in lines 9 and 10 of clause 2, the words 'and the animals, carts, vessels, lorries or other conveyances used in carrying any such article' be omitted."

The Motion was negatived.

مسٹر اسپیکر - کیا آنریبل اکسائیز منسٹر اپنی امنڈمنٹ ووٹ کے لئے رکھنا چاہتے ہیں ؟

شری رنگا ریڈی - ہاں -

Mr. Speaker: The Question is:

"That the following may be added as a proviso to sub-section (2) of section 39 proposed to be substituted by clause 2 of the said Bill, namely:

'Provided that no such animal, cart, vessel, lorry or other conveyance shall be confiscated if the owner thereof satisfies the Court that he has exercised due care in preventing the commission of the offence.'

The Motion was adopted.

Shri A. Raj Reddy: Mr. Speaker, Sir, I want my amendment to be put to vote.

Mr. Speaker: The Question is:

"That in Clause 2, sub-clause (3) of section 39 proposed to be *substituted*, be omitted."

The Motion was negatived.

Shri K. V. Ranga Reddy: Mr. Speaker, Sir, I want my amendment to be put to vote.

Mr. Speaker: The Question is:

"That the following may be added as a proviso to sub-section (3) of section 39 proposed to be substituted by clause 2 of the said Bill, namely:

"Provided that no order has been passed by a Court in respect of such article, or no case for trial of an offence in respect thereof has been instituted in any Court."

The Motion was adopted.

Mr. Speaker: The Question is:

"That Clause 2, as amended stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

Clause 2, was added to the Bill.

Mr. Speaker: The Question is:

"That the short title and commencement, and preamble stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

The short title and commencement, and preamble were added to the Bill.

Mr. Speaker: We shall now take up the Third Reading.

Shri V. D. Deshpande: Mr. Speaker, Sir, I submit that now at least the House should be adjourned, because some Members might like to express their views at the time of the Third Reading.

Mr. Speaker : ' Might like to express ' is a different thing.

Shri V. D. Deshpande : I would like to express....

Mr. Speaker : All right.

The House then adjourned till Two of the Clock on Saturday, the 5th July, 1952.